سید امیر حیدر کاظمی : میں نے پوری فگرز دے دی ہیں جو سینیٹ کی لائبریری میں رکھ دی گئی ہیں - ہم دس سے سولہ مریضوں کو روز دیکھتے ہیں اور اس کی پوری تفصیل ہم نے مہیا کر دی ہے -

جناب محمد طارق چوہدری : اس کا ایک حصہ میں نے یہ پوچھا ہے جناب کہ ہر روز کتنے کیسنر رجسٹر ہوتے ہیں ، کتنے مریض رجسٹر ہوتے ہیں اور کتنے دیکھے جاتے ہیں ؟

جناب پریذائیڈنگ آفیسر : آپ ٹوٹل مریض پوچھ رہے ہیں ؟

جناب محمد طارق چوہدری : ایک دن میں اوسطاً کتنے مریض کمپلیکس میں آتے ہیں اپنے آپ کو رجسٹر کرواتے ہیں الٹراساؤنڈ کے لیے -

سید امیر حیدر کاظمی : الٹراساؤنڈ کے کیسنر پالی کلینک سے پشاور سے آزاد کشمیر سے جہلم سے آتے ہیں - اور وہی کیسز ہم دیکھتے ہیں جنہیں رجسٹر کیا جاتا ہے - ان تمام کیسنر کو ہم دیکھتے ہیں - تو میں نے اس کا جواب دیا ہے کہ جو کیسنر ہم رجسٹر کرتے ہیں انہی کیسنر کو ہم ایگزامن بھی کرتے ہیں ایسا نہیں ہوتا ہے کہ دو سو کیس رجسٹر ہوتے ہیں اور پانچ آدمیوں کو ایگزامن کیا جاتا ہے بلکہ جتنے کیسنر رجسٹر ہوتے ہیں انہی لوگوں کو ایگزامن کیا جاتا ہے -

ڈاکٹر بشارت الٰہی : میں منسٹر صاحب سے پوچھوں گا کہ اس کا مطلب یہ ہوا کہ کوئی بیک لاگ نہیں ہے - پینڈنگ کیسنر نہیں ہیں بلکہ جتنے کیسز رجسٹر ہوتے ہیں اتنے ہی دیکھے جاتے ہیں - اس کا مطلب ہے کوئی بیک لاگ نہیں ہے -

جناب پریذائیڈنگ آفیسر : اس کا مطلب یہ ہے کہ جتنے رجسٹر ہوتے ہیں پھر ان کو باری باری دیکھتے ہیں -

ڈاکٹر بشارت الٰہی : یہی تو سوال تھا سینیٹر طارق کا کہ کوئی backlog ہے وہاں پر کچھ ایسے ہوں مثال کے طور پر کہ ۵۰۰ سو پینڈنگ کیس ہیں جو ابھی تک نہیں دیکھے گئے کیا اس قسم کی کوئی situation ہے یا بالکل ٹھیک جا رہا ہے -

سید امیر حیدر کاظمی : میں نے بتایا ہے کہ کہاں کہاں سے لوگ آ رہے ہیں اور ان سب لوگوں کو جو رجسٹر ہوتے ہیں ہم ultra-sound کی facilities فراہم کرتے ہیں ، میں

یہاں مزید یہ کہنا چاہتا ہوں کہ بہت سے لوگ شوقیہ بھی چاہتے ہیں کہ ultra-sound جو کروا دیا جائے اور ان لوگوں کو کچھ تکلیف ہوتی ہے جو شوقیہ جاتے ہیں کہ ان کا جبکہ ایکسرے وغیرہ کرنے کے بعد تشخیص میں الٹرا ساؤنڈ کی کوئی زیادہ ضرورت نہیں ہوتی

لیکن اس کے باوجود بھی جتنے کیسز پی آئی ایم ایس کے پاس آتے ہیں ان تمام کیسز کو اور خاص طور پر ایسی جو کیسز ہوتے ہیں جن کو ضرورت ہوتی ہے ان کو چند منٹ سے کر تین دن میں ہم مکمل کرتے ہیں لیکن اور جو بھی ہمارے پاس رجسٹرڈ ہوتے ہیں ان کو بھی الٹرا ساؤنڈ کرتے ہیں۔

جناب محمد طارق چوہدری: جناب چیئرمین! آپ کی وساطت سے میں یہ عرض کرتا ہوں کہ گردوں کا فیل ہونا یا سات سے دس دنوں کے درمیان بچے کا متوقع ہونا کیا۔ یہ اس طرح کے کیسز جو ہیں یہ ہنگامی کیسز نہیں ہیں اور میں اس بات کو ذاتی طور پر جانتا ہوں کہ اس طرح کے ہنگامی کیسز میں بھی تین تین ماہ کی تاریخیں دے دی جاتی ہیں کیا وزیر موصوف اس بات کے لیئے انکوائری کروانے کے لیے تیار ہیں۔

سید امیر حیدر کاظمی: جناب چیئرمین! یہ بہت ہی سنجیدہ مسئلہ ہے اگر گردوں کی بیماری یا حمل کے کیسز کی صورت میں میرے علم میں کوئی کیس لایا جائے جسے تین مہینے کی تاریخ دی گئی ہے یا زیادہ وقت دیا گیا ہے تو یہ مجرمانہ غلطی ہو گئی اور میں اس کے لیئے انکوائری کروانے کے لیئے بالکل تیار ہوں اگر میرے علم میں کوئی ایسی بات لائی جائے تو میں اس کی انکوائری کیلئے تیار ہوں۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: جناب چیئرمین! ہمارے معزز رکن ڈاکٹر نہیں ہیں، ایک گردوں میں بھی دو قسمیں ہیں ایک chronic renal failure اور ایک acute renal failure ہے اس کے لیئے چار چار دس دس سال تک لوگ مریض رہتے ہیں ان کا treatment different ہے ایک acute renal failure وہ اور ہے uraemia وغیرہ میں، اب اس میں وہ یہ فرما رہے ہیں کہ تین مہینے کا ... دس دس سال تک لوگ وہ زندہ رہتے ہیں ....

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سوال نمبر ۲۷ جناب شاد محمد خان صاحب۔

## HEAVY MECHANICAL COMPLEX, FORGE AND FOUNDRY, TAXILA

37. ***Mr. Shad Muhammad Khan:** Will the Minister for Production be pleased to state the total number of employees working in the Heavy Mechanical Complex and Foundry in Taxila, in management çadre in the pay scales from 1 to 3 with province-wise break ?

**Raja Shahid Zafar** (Read by Dr. Sher Afgan Khan Niazi): (i) Total number of employees in management cadre working in HMC Taxila are 7. Their domicile, scale wise break-up is at Annexure-I.

(ii) Total number of employees in management cadre working in Heavy Forge and Foundry, Taxila are 7. Their domicile, scale wise break-up is at Annexure-II.

**Annex I**

# STATE ENGINEERING CORPORATION

## NAME OF UNIT : HEAVY MECHANICAL COMPLEX, TAXILA

## No OF MANAGEMENT GRADE EXECUTIVES—DOMICILE-WISE

| Position | Prescribed Quota | Punjab 50% | Sind Urban 7.6% | Sind Rural 11.4% | NWFP 11.5% | Baluchistan 3.5% | | Others Areas 2% AK | Others Areas NA | Others Areas 4% FATA | Total |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| SEM-I .. .. .. | → | — | — | — | — | — | — | — | — | — | — |
| SEM-II .. .. .. | → | 1 | — | — | — | — | — | — | — | — | 1 |
| SEM-III .. .. .. | 2 | 2 | — | 1 | 1 | — | — | — | — | — | 6 |
| Total .. | 2 | 3 | — | 1 | 1 | — | — | — | — | — | 7 |
| Observance of Quota Percentage | 28.57% | 42.8% | | 14.28% | 14.28% | | | | | | |

**Annex II**

| Position | Prescribed Quota | Punjab 50% | Sind Urban 7.6% | Sind Rural 11.4% | NWFP 11.5% | Baluchistan 3.5% | | Others Areas 2% AK | Others Areas NA | Others Areas 4% FATA | Total |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| SEM-I .. .. .. | 1 | — | — | — | — | — | — | — | — | — | 1 |
| SEM-II .. .. .. | 1 | — | — | — | — | — | — | — | — | — | 1 |
| SEM-III .. .. .. | 5 | — | — | — | — | — | — | — | — | — | 5 |
| Total .. | 7 | — | — | — | — | — | — | — | — | — | 7 |
| Observance of Qouta Percentage | 100% | | | | | | | | | | |

**پروفیسر خورشید احمد:** کیا وزیر صاحب بتا سکیں گے کہ prescribed quote سے کیا مراد ہے کالم نمبر ون، اس کو آپ ذرا vertically دیکھیں۔

**ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی:** یہ horizontal ہے ان کے lenses میں کوئی فرق ہے پروفیسر صاحب کے lenses میں کچھ فرق ہے، Optician سے چیک کرائیں۔

**پروفیسر خورشید احمد:** میرا سوال بڑا آسان ہے کہ prescribed quota کے کیا معنی ہیں۔

**ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی:** جناب چیئرمین! میں نے پہلے ایک معزز رکن کے جواب میں split up quota دیا تھا کہ ۵۰ فیصد پنجاب کا ہے، پھر اربن اور رورل سندھ میں اس کی seven point something split up ہے اور 3.5 per cent بلوچستان کا ہے other percentage is for FATA and other areas. پروفیسر صاحب کو یاد نہیں رہا پہلے سوال کے جواب میں میں نے باقاعدہ complete دی تھی، split up 100 per cent کو split کیا گیا ہے اور یہی بنتا ہے مختلف ایریاز کے لیئے پانچ سال میں۔

**پروفیسر خورشید احمد:** سوال ابھی کلیئر نہیں ہوا جناب۔ آپ اس ٹیبل کو دیکھے یعنی prescribed quota horizontally آپ نے دے دیا بالکل صحیح لیکن اب ذرا آپ بھی دیکھیں۔۔۔

**ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی:** جناب یہ مارشل لاء کی مہربانی تھی اور یہ مارشل لاء کو ابھی تک اچھی چیز سمجھتے ہیں اور ہم برا سمجھتے ہیں یہ مارشل لاء کا ثمر ہے کہ اگر اس کو۔۔۔۔

**پروفیسر خورشید احمد:** میں مارشل لاء کی بات نہیں کر رہا ہوں، آپ کو تو ہر چیز میں مارشل لاء نظر آتا ہے۔

**ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی:** آپ بات جب vertically horizontally کی کرتے ہیں تو وہ vertically کو بھی سمجھیں کہ horizontally اس نے ہر چیز slash کر دی اور اسی وجہ سے یہ کہیں بالکل نہیں لکھا ہوا کہیں ایک کا ہندسہ ہے کہیں دو کا ہندسہ ہے

اور percentage کی پوری compliance نہیں ہوئی۔

I have already stated four factors that eleven years Martial Law induction was curtailed and again the transfers, promotions and other facts added to it by the influential .......

(Interruptions)

**پروفیسر خورشید احمد:** جناب چیئرمین! میرا سوال سن لیں میں پورے ادب سے منسٹر صاحب سے پوچھ رہا ہوں کہ جو ٹیبل آپ نے دیا ہے، مارشل لاء نے نہیں دیا آپ ہمیں سمجھا دیجیئے یعنی اس میں آپ نے prescribed quota کے تحت لکھا ہے Total 2 SEM-II 2 اور اس کے بعد لکھا ہے ۲۵ء۵۷ فیصد یہ کیا شے ہے اس لیئے کہ prescribed quota جو ہے وہ horizontal ہے اس کے معنی یہ ہیں کہ پنجاب ۵۰ فیصد، سندھ اتنا، رورل اتنا اور این ڈبلیو ایف پی وغیرہ وغیرہ اور اگر آپ اس کو دیکھنا چاہتے ہیں تو ایس ای ایم تھری جو ہے اس کے لیئے prescribed quota ۲ بھی لکھا ہوا ہے، ۲ پنجاب میں، ایک سندھ میں، ایک صوبہ سرحد میں اور کل ۶ تو اس کا مطلب ہے کہ ۲ بھی کوئی چیز ہے تو یہ prescribed quota کیا چیز ہے

**ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی:** جناب چیئرمین! بڑی صاف سی چیز ہے کہ جو prescribed quota لکھا ہوا ہے اس کے بعد پنجاب ۵۰ فیصد، ۴۲ء۸ یعنی اس میں ۷ء۲ فیصد کمی ہے quota imbalance اور اپنی فیکٹرز سے اگر یہ دیکھیں تو رورل سندھ کا ۱۱ء۶ ہونا چاہیئے تھا۔ جہاں ۱۴ء۲۸ تھا یہ جونیجو صاحب کی مہربانی کے دور کی بات ہے۔۔۔۔

**پروفیسر خورشید احمد:** میرا یہ سوال ہی نہیں ہے، میں یہ سوال ہی نہیں کر رہا ہوں۔

**ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی:** اگر آپ صوبہ سرحد کا دیکھیں تو اس کا ۱۱ء۵ ہونا چاہیئے۔ بنیادی طور پر جو ascertain ہے It should have been observed but it has not been observed. یہ ۱۴ء۲۸ ہے یہ کوٹہ سے زیادہ ہے۔۔۔

**پروفیسر خورشید احمد:** جناب والا! میرا تو یہ سوال ہی نہیں ہے میرا سوال یہ ہے کہ prescribed quota کے تحت SEM-III=2 آپ نے لکھا ہے یہ کیا شے ہے یہ ۲ آخر کیا چیز ہے۔

**ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی:** میں عرض کرنا چاہتا ہوں انہیں سمجھ نہیں آ رہی یہ ان کے گریڈ ہیں۔

**پروفیسر خورشید احمد:** اس سے نیچے والے پر آجائیے اس سے نیچے والا جو آپ کا ٹیبل ہے اس میں آپ نے prescribed quota کے تحت SEM-I I - 1 ، SEM-II I - 1 ، SEM-III 2 - 2 ، SEM-III - 5 اور پھر ٹوٹل میں 1 - 1 - 5 اور صوبہ وار blank یہ کیا چیز ہے۔

**ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی:** جناب والا! یہ تین categories ہیں آفیسر کی جو Chief Executive بنتے ہیں جنرل مینجر، وغیرہ۔۔۔

**پروفیسر خورشید احمد:** آپ لوگ سینیٹ کے سامنے صحیح حقائق پیش کیجیے مذاق نہ بنائیے نہ وزیر سمجھتے ہیں اور نہ ڈیپارٹمنٹ سمجھ رہا ہے یہ آخر کیا کھیل ہے۔۔

**ڈاکٹر بشارت الٰہی:** یہ جواب ہی غلط دیا گیا ہے۔

Prof. Knurshid Ahmed: I take very serious note of it.

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر:** ایوان کو پونے آٹھ بجے تک نماز مغرب کے لیے ملتوی کیا جاتا ہے۔

*[The House adjourned for prayers]*

---

*[The House re-assembled after interval with Mr. Chairman (Mr. Wasim Sajjad) in the Chair].*

---

**جناب چیئرمین:** جی جناب ڈاکٹر صاحب۔

**ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی:** جناب میں ایک بہت ضروری وضاحت کرنا چاہتا ہوں پروفیسر صاحب نے ایک کوسچن دیا تھا بڑا valid تھا۔

جناب چیئرمین: یہ کس سوال کے متعلق ہے ڈاکٹر صاحب؟

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: یہ سوال ہے ۳۷ ہے۔ اس میں جناب یہ Annexure جو دیئے ہیں اور جہاں پر کالم بنائے ہیں۔ وہ پرنٹنگ پریس نے بہت غلط بنا دیئے ہیں۔ اور اس میں میری گزارش یہ ہے کہ prescribed quota کے نیچے انہوں نے فگرز دے دی تھیں اگر آپ ملاحظہ فرمائیں سوال نمبر ۳۷ کے انیکسچر ایک اور دو میں تو یہ کالم جو prescribed quota کے نیچے فگرز لکھے ہوئے ہیں۔ ٹوٹلی اس سے یہ misconcept ہو گیا ہے بنیادی طور پر یہ prescribed quota کے سامنے opposite ایرو مارک ہے۔

Which indicates horizontal placement in different compartments

کہ اتنے فیصد اتنے فیصد اور اس کے نیچے جو کوٹہ لکھنا چاہیئے تھا۔ پنجاب کے کالم میں وہ prescribed quota کے نیچے آگیا ہے۔ sliding ہو گئی ہے to the left of the whole paper تو اس میں misconception ہو گئی ہے بہت زیادہ۔

جناب چیئرمین: تو آپ نے اسے نوٹ کر لیا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ پرنٹنگ میں کوئی غلطی ہو گئی ہے۔

پروفیسر خورشید احمد: میں نے نوٹ کر لیا ہے۔

Mr. Chairman: We go to the next question. Question No. 38. - Mr. Shad Muhammad Khan.

## HEAVY MECHANICAL COMPLEX, FORGE AND FOUNDRY, TAXILA

38. ***Mr. Shad Muhammad Khan :** Will the Minister for Production be pleased to state :

(a) the total number of employees in the Executive pay scales 1 to 5 working in Heavy Mechanical Complex and Forge and Foundry in Texila with province-wise break-up ; ld

(b) whether the quota fixed for the provinces was strictly adhered to in these appointments ?

**Raja Shahid Zafa** (read by Dr. Sher Afgan Khan Niazi) (a).

(i) Total number of employees in Executive Pay Scales (E-I to E-V) working in HMC, Taxila are 260. Their Province-wise break-up is enclosed at Annexure-I.

(ii) Total number of employees in Executive Pay Scales (E-I to E-V) working in Forge and Foundry Taxila are 154. Their province-wise break-up is at Annexure-II.

(b) Quota is applicable to vacancies in each grade meant for direct recruitment in grade E-II and above separately in each company. It has been observed as far as possible.

**Annexure II**

THERE ARE 154 EMPLOYEES IN THE EXECUTIVE PAY SCALES (E-I TO E-V) WORKING IN HEAVY FOUNDRY AND FORGE LTD., TAXILA WITH FOLLOWING PROVINCE-WISE BREAK UP.

| Position | Prescribed Quota | Punjab 50% | Sind | | NWFP 11.5% | Baluchistan 3.5% | Other Areas | | Total |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | Urban 7.6% | Rural 11.4% | | | 2% AK | NA 4% FATA | |
| 1. EPS-V .. .. .. | | 6 | — | 1 | 2 | — | — | — | 9 |
| 2. EPS-IV .. .. .. | | 9 | 1 | — | 7 | — | 1 | — | 18 |
| 3. EPS-III .. .. .. | | 26 | 1 | 1 | 11 | — | — | 1 | 40 |
| 4. EPS-II .. .. .. | | 35 | — | 3 | 12 | — | — | 1 | 51 |
| Total in E-II and above to which quota is applicable .. | | 76 | 2 | 5 | 32 | — | 1 | 2 | 118 |
| 5. EPS-I .. .. .. | | 29 | — | 2 | 4 | — | 1 | — | 36 |
| GRAND TOTAL .. | | 105 | 2 | 7 | 36 | — | 2 | 2 | 154 |

**Annexure II**

THERE ARE 154 EMPLOYEES IN THE EXECUTIVE PAY SCALES (E-I TO E-V) WORKING IN HEAVY FOUNDRY AND FORGE LTD., TAXILA WITH FOLLOWING PROVINCE-WISE BREAK UP.

| Position | Prescribed Quota | Punjab 50% | Sind | | NWFP 11.5% | Baluchistan 3.5% | Other Areas | | Total |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | Urban 7.6% | Rural 11.4% | | | 2% AK | NA 4% FATA | |
| 1. EPS-V .. .. .. | | 6 | — | 1 | 2 | — | — | — | 9 |
| 2. EPS-IV .. .. | | 9 | 1 | — | 7 | — | 1 | — | 18 |
| 3. EPS-III .. .. .. | | 26 | 1 | 1 | 11 | — | — | 1 | 40 |
| 4. EPS-II .. .. .. | | 35 | — | 3 | 12 | — | — | 1 | 51 |
| [illegible] | | | | | | | | | |
| Total in E-II and above to which quota is applicable .. | | 76 | 2 | 5 | 32 | — | 1 | 2 | 118 |
| 5. EPS-I .. .. .. | | 29 | — | 2 | 4 | — | 1 | — | 36 |
| GRAND TOTAL .. | | 105 | 2 | 7 | 36 | — | 2 | 2 | 154 |

**Mr. Shad Muhammad Khan:** In answer (b) of this Question it has been stated, "It has been observed (quota) as far as possible". So, I point out Sir.

کہ کوئٹہ میں یہاں پر بلوچستان میں سے کوئی آدمی بھی نہیں لیا گیا اس کی کیا وجوہات ہیں۔

**جناب چیئرمین:** جی جناب ڈاکٹر صاحب۔

**ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی:** جناب چیئرمین! میں پہلے بھی عرض کر چکا ہوں اس ضمن میں کہ کوٹہ واقعی کافی سالوں سے observe نہیں ہوا اور اس کی وجوہات سے بھی میں ایوان کو مطلع کر چکا ہوں کہ بنیادی طور پر گیارہ سال تک تعطل رہا۔ آئین معطل رہا اور اس کے بعد دوسری صورتِ حال یہ ہے کہ basic recruitments جو ہوتی ہیں کوٹہ کی وہاں پہ application ہوتی ہے، جہاں پر کم تعداد میں آفیسرز ہیں ان میں ایسے آفیسرز بھی لیے لیئے گئے ہیں کہ جو نیچے سے promote ہوتے ہیں۔ This is called vertical movement. تو ایک اور ہے کہ ٹرانسفر ہوئے ہیں کوئی پرموٹ ہوئے۔ پھر ایک تعطل رہا اس کی وجہ سے discrepancies آچکی ہیں۔ آپ جہاں سے دیکھیں گے کوٹہ پوری طرح سے observe نہیں کیا گیا اور نہ ہوا ہے۔ آئندہ یہ میری گزارش ہے معزز ایوان سے کہ جو ریکروٹمنٹ ہو گی وہ کوٹہ کے مطابق ہو گی اور اس کو observe کیا جائے گا۔ اس وجہ سے، جہاں کہیں آپ تناسب دیکھیں گے کہ جہاں ۱۱۰۲ کل ان کا حق تھا وہاں پر چو اعشاریہ کچھ ہے کہیں یہ پچاس فیصد پنجاب کا کوٹہ تھا تو ملازمین پہ بھرتی ہوئے ہیں وہاں ۴۳ام ہیں تو اس میں بھی discrepancy ہے اسکی وجہ سے یہ فیصد کا فرق ہو رہا ہے۔

**جناب شاد محمد خان:** جناب والا! کیا یہ سابقہ کمی پوری کریں گے آئندہ کیلئے؟

**ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی:** جناب والا! یہی خیال رکھا جائے گا کہ جو سابقہ کمی آرہی ہے اس کو بھی پورا کیا جائے اور مزید کمی پیدا نہ ہو۔

**جناب چیئرمین:** کوئی اور ضمنی سوال؟ نہیں۔

We proceed to the next question - 39, Prof. Khurshid Ahmed.

**Agreement with USSR**

39. ***Prof. Khurshid Ahmed :** Will the Minister for Foreign Affairs be pleased to state whether the governments negotiating a number of agreements with USSR, if so, their details ?

**Sahabzada Yaqub Khan/** (Read by Mr. Javed Jabbar) During the last one year or so, discussions have taken place with the Soviet authorities relating to the establishment of a Pakistan Soviet Joint Ministerial Commission, for which a draft text has been proposed by us which is with the Soviet authorities. Discussions are also under-way for the enhancement of the existing Pakistan-Soviet bilateral collaboration in the economic field.

Mr. Chairman: Any supplementary ? No. Next question No. 40.

MEDICAL OFFICER AT PESHAWAR AIR PORT

40. ***Mr. Basheer Ahmad :** Will the Minister for Health, Special Education and Social Welfare be pleased to state whether it is a fact that only one doctor designated as Assistant Airport Health Officer is working at the Peshawar Airport since 1964, if so, whether there is any proposal under consideration to increase the number of medical officers at the Peshawar airport in view of the manifold increase in the volume of air traffic during the last 25 years ?

Syed Amir Haider Kazmi (Read by Mir Baz Muhammad Khan Khetran): (i) Yes.

(ii) There is no proposal under consideration to increase the number of medical officers at Peshawar Airport.

**Mr. Basheer Ahmed Matta :** Sir, there is a short supplementary question. From the statistics of the airport you would see that the volume of travel has increased in the last twenty five years. So, if there is need for medical care, it also must have increased. Hence the number of doctors should be related to the number of passengers going through the airport. But the situation on this score has been static for the last twenty five years and the only doctor appointed there is designated as Assistant Airport Health Officer. I think Peshawar now deserves to have a full-fledged Health Officer - not an Assistant Health Officer and at least one subsidiary officer also.

جناب چیئرمین : تو سوال یہ ہے کہ

میر باز محمد خان کھیتران : جی جناب سمجھ گیا ہوں۔ وہاں پر کیونکہ کوئی بین الاقوامی فلائٹس زیادہ نہیں آتی ہیں نہ جاتی ہیں۔ ایک دو فلائٹس آتی ہیں قطر کے لیے سعودی عرب

کے لیئے، اس پر ڈاکٹر کی اتنی ضرورت نہیں پڑتی۔ نیز اس پر اخراجات بھی زیادہ ہیں۔
اس وجہ سے فی الحال کوئی ایسی تجویز نہیں ہے۔

جناب چیئرمین : بیماری تو ایک مقامی آدمی کو بھی ہو سکتی ہے ناں۔

میر باز محمد خان کھیتران : اس کے لیئے جب فلائیٹ ہوتی ہے تو ڈاکٹر مہیا کر دیا جاتا ہے جو کہ ان کو انجکشن وغیرہ لگاتے اور ان کا ٹیسٹ لیتے ہیں۔ اس کے علاوہ وہاں پر مستقل کوئی ڈاکٹر رکھنے کی فی الحال کوئی ضرورت پیش نہیں آئی۔

جناب چیئرمین : شکریہ جناب۔ جی بشیر صاحب۔

جناب بشیر احمد مٹا : اس میں عرض یہ ہے جناب کہ ۱۹۶۴ میں جو سچو یشن تھی اب ۸۹ ہے۔ پچیس سال گزر گئے ہیں جناب۔ تو میرے خیال میں اگر ایک ڈاکٹر اور بڑھا دیں تو لوگوں کو مزید سہولت مل جائے گی۔

جناب چیئرمین : کھیتران صاحب، اس پر غور کر لیں وہ کہتے ہیں کہ ٹریفک بہت بڑھ گئی ہے تو آپ منسٹری کو کہیں کہ وہ اس چیز پر غور کرے۔

میر باز محمد خان کھیتران : ٹھیک ہے۔ ضرور غور کیا جائے گا۔

جناب چیئرمین : شکریہ جی۔ اگلا سوال نمبر ۴۱ مسٹر بشیر احمد۔

## UP-GRADATION OF DOCTORS

41. ***Mr. Basheer Ahmad :** Will the Minister for Health, Special Education and Social Welfare be pleased to state :

(a) the action taken to promote doctors appointed in grade 18 in the year 1974, in pursuance of the announcement made by the Prime Minister at the convocation of Liaquat Medical College Jamshoro, in February, 1989 ; and

(b) the number of doctors likely to be benefitted from the said announcement?

Syed Amir Haider Kazmi (Read by Mir Baz Muhammad Khan Khetran): (a) Action to implement the Prime Minister's announcement made at the convocation of Liaquat Medical College, Jamshoro has been taken and a summary is under submission to the competent authority.

(b) 582.

Mr. Chairman: Supplementary questions ?

Mr. Basheer Ahmed Matta: No supplementary question.

Mr. Chairman: No supplementary. No. 42 - Mr. Basheer Ahmed.

## F.G.S. MEDICAL CENTRE, PESHAWAR

42. ***Mr. Basheer Ahmad :** Will the Minister for Health, Special Education and Social Welfare be pleased to state :

(a) whether medical facility to the Federal Government servants in the NWFP is available in only one Hospital *i.e.* Federal Government Servants Medical Centre, Peshawar, if so ;

(b) whether there is any proposal to expand this facility in other centres in the province also ; and

(c) number of medical officers and paramedical staff working in the above centre separately in each case.

**Syed Amir Haider Kazmi** (Read by Mir Baz Muhammad Khan Khetran) (a) In addition to Federal Government Medical Centre Peshawar, another Federal Government Dispensary at A.G. Office Peshawar also provides medical facilities to the Federal Government Servants.

(b) Yes. A proposal for opening of a Federal Government Dispensary at Chitral is under consideration.

(c) One Civil Surgeon, 5 Medical Officer with 10 paramedical staff, as per details given below are working at Peshawar :—

FEDERAL GOVERNMENT MEDICAL CENTER

| | |
|---|---|
| Civil Surgeon | 1 |
| Medical Officer | 4 |
| Laboratory Tech. | 1 |
| X-Ray Technician | 1 |
| L. H. V. | 1 |
| Dark Room Asstt. | 1 |
| Nursing Attendant | 3 |

A. G. DISPENSARY, PESHAWAR

| | |
|---|---|
| **Medical Officer** | 1 |
| **Nursing Attendant** | 1 |
| **Dispenser** | 1 |
| **Midwife** | 1 |

**Mr. Basheer Ahmed Matta :** There is a supplementary question Sir, which is ingrained in this answer. In Peshawar they have a small medical centre which they call Federal Government Medical Centre. Now, Peshawar is a provincial capital and there are so many Federal Government servants posted there. Obviously this small centre cannot cater to the needs of the whole province. Therefore, I request that the government may consider increasing this facility so that the Federal Government employees posted in the Frontier Province may have a separate hospital on the pattern of hospitals available in Karachi and Lahore. And additionally Sir, as they plans for instituting another medical centre at Chatral, small medical centres may be spread out in far away cities like Dera Ismail Khan. The Peshawar Medical Centre is really under great pressure, Sir. I know it from personal experience.

**جناب چیئرمین :** اس کو سوال کی صورت میں put کریں نال آپ.

**Mr. Basheer Ahmed Matta :** So, my question is Sir : Does the government have a plan for increasing and for expanding available at the Peshawar Medical Centre on the pattern of the facilities available at Karachi and at Lahore ?

**جناب چیئرمین :** جی جناب کھیتران صاحب .

**میر باز محمد خان کھیتراں :** اتنی بڑی ہماری پلاننگ تو کوئی نہیں ہے۔ ویسے صوبہ سرحد کے بہت سے علاقوں میں جہاں پر صوبائی سطح کے ہسپتال نہیں ہیں وہاں پر فیڈرل گورنمنٹ کی طرف سے سنٹرز بنائے جا رہے ہیں پشاور میں بھی حسن گڑھی پشاور میں فیڈرل گورنمنٹ کی طرف سے ایک سنٹر اور ساتھ ایک کالونی بھی تعمیر کی جا رہی ہے جو جلد ہی مکمل ہو جائے گی ۔

**Mr. Chairman** : Any other question ? No, next question. Mr. Tariq Chaudhry, No. 43.

## PAKISTAN STEEL

43. ***Mr. Muhammad Tariq Chaudhary**(on his behalf) Will the Minister for Production be pleased to state the total number of employees working in the Pakistan Steel indicating also the percentage of employees from each province at different levels ?

**Raja Shahid Zafar** (Read by Mir Baz Muhammad Khan Khetran) There are 21565 employees in Pakistan Steel at persent out of which 1672 are in officers catergory *i.e.* grade E-II and above to which Provincial/Regional quota in applicable. Besides, there are 19893 employees in lower ranks. Percentage of employees from each Province are given in the annexure.

**Annexure**

ACTUAL POSITION IN PAKISTAN STEEL MILLS IN RESPECT OF PROVINCIAL/REGIONAL QUOTA

| Post | Grade | Total No. of incumbents | Regional/Provincial quota distribution: Merit | Punjab | Sind (R) | Sind (U) | N.W.F.P. | Baluchistan | A.K. | FATA/NA |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Prescribed provincial regional quota | | | 10% | 50% | 11.4% | 7.6% | 11.5% | 3.5% | 2% | 4% |
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 |
| Chairman/M. Ds/ Directors. | PSMC-I (Rs. 6500—400—12100) | 6 } 13 | — | 3 } 6 | 1 } 2 | 2 } 5 | — | — | — | — |
| Principal Executives | PSMC-I (Rs. 6500—400—12100) | 7 | — | 3 | 1 | 3 | — | — | — | — |
| PSMC-II | OPSMC-II (Rs. 5200—350—10100) | 13 | — | 6 | 1 | 4 | 2 | — | — | — |
| PSMC-III | PSMC-III (Rs. 4875—325—9100) | 2 | — | 2 | — | — | — | — | — | — |
| PSE-V | PSE-V (Rs. 2500—260—7100) | 77 | — | 22 | 11 | 38 | 4 | 2 | — | — |
| PSE-IV | PSE-IV (Rs. 4150—230—6910) | 166 | — | 46 | 30 | 76 | 13 | 1 | — | — |
| PSE-III | PSE-III (Rs. 3100—195—5635) | 751 | — | 259 | 162 | 243 | 61 | 17 | 2 | 7 |
| PSE-II | PSE-II (Rs. 2100—162—4530) | 650 | — | 189 | 112 | 274 | 38 | 19 | 12 | 6 |
| | | 1672 | — | 530 | 318 | 640 | 118 | 39 | 14 | 13 |
| | Ratio of representation in grade E-II and above : | | | 31.7% | 19% | 38.3% | 7.05% | 2.3% | 0.8% | 0.78% |

| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| PSE-I .. .. | PSE-I (Rs. 1560—130—4160) | 734 | — | 252 | 107 | 311 | 37 | 21 | 6 | — |
| PG-VII .. .. | PG-VII (Rs. 1265—75—2765) | 5390 | — | 1529 | 721 | 2773 | 263 | 65 | 32 | 7 |
| PG-VI .. .. | PG-VI (Rs. 1135—60—2335) | 5117 | — | 1056 | 480 | 3095 | 361 | 65 | 51 | 9 |
| PG-V .. .. | PG-V (Rs. 1020—50—2020) | 3835 | — | 909 | 280 | 2173 | 364 | 46 | 56 | 7 |
| PG-IV .. .. | PG-IV (Rs. 910—45—1810) | 2930 | — | 783 | 291 | 1387 | 372 | 19 | 73 | 5 |
| PG-III .. .. | PG-III (Rs. 805—40—1605) | 778 | — | 152 | 73 | 449 | 78 | 6 | 16 | 4 |
| PG-II .. .. | PG-II (Rs. 745—35—1445) | 867 | — | 159 | 59 | 578 | 43 | 10 | 17 | 1 |
| PG-I .. .. | PG-I (Rs. 700—30—1300) | 242 | — | 47 | 21 | 155 | 13 | 5 | — | 1 |
| | | 21,565 | — | 5417 | 2350 | 11,561 | 1649 | 276 | 265 | 47 |
| | Ratio of representation in all grades. | | | (25.1%) | (10.99%) | (53.6%) | (7.6%) | (1.3%) | (1.2%) | (0.2%) |

**پروفیسر خورشید احمد :** ضمنی سوال سب سے پہلے یہ ہے کہ اس جواب میں بتایا گیا ہے کہ کل ملازمین کی تعداد 21565 ہے جن میں سے آفیسرز جو ہیں وہ 1672 ہیں۔ اور ساتھ ہی سوال نمبر ۱۰۳ کے جواب میں انہی وزیر صاحب نے اسی ادارے کے بارے میں بتایا ہے کہ آفیسرز کی تعداد 2430 ہے اور ورکرز کی تعداد 19329 جو کل ۱۲۷۵۹ بنتے ہیں۔ جس کے معنی یہ ہیں کہ ۱۹۴ کی discrepancy بنتی ہے ان دونوں کی فگرز کے اندر۔ جب کہ دونوں کی کیٹیگری ایک ہی ہے۔ اس کی کیا وجہ ہے؟

**ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی :** پروفیسر صاحب صحیح فرماتے ہیں۔ اس میں فرق ہے اور اس فرق کے بارے میں معلوم کر کے میں کل انشاء اللہ سینیٹ کی سٹنگ میں عرض کر دوں گا کہ فرق کیوں ہے۔ واقعتاً یہ فرق دونوں جوابات میں ہے پہلے اور فگر ہے اور بعد میں اور فگر ہے۔

**پروفیسر خورشید احمد :** دوسری عرض یہ ہے کہ اس کے جواب میں اگر آپ دیکھیں تو میرٹ کی بنیاد پر جو دس فیصد ہیں اللہ کے فضل سے ایک بھی اپائنمنٹ نہیں ہوا۔ اس کی کیا وجہ ہے؟ کیا اس ملک میں میرٹ کی بنیاد پر ایسے اہم ادارے میں کوئی اپائنمنٹ نہیں ہوتا ہے؟

Mr. Chairman: Any other supplementary question. No, we go to the next question which is 43-A Jamali Shahib.

## PURCHASE OF PADDY

43-A. ***Mr. Abdul Rehman Jamali :** Will the Minister for Food, Agriculture and Cooperatives be pleased to state :

(a) the price of paddy fixed for the year 1989-90 ; and

(b) whether the Government intends to establish a centre for the purchase of basmati paddy in the District Jafarabad ?

**Rao Sikander Iqbal :** (a) For 1989-90 crop, following support prices for different varieties of paddy have been fixed :—

| Variety | Rs. per 40 Kgs. |
|---|---|

† This was expunged by the order of Chairman

| | |
|---|---|
| (i) IRRI-6(FAQ) .. .. .. .. .. .. | 66 |
| (ii) IRRI-6 (SUP) .. .. .. .. .. .. | 71 |
| (iii) KS-282, DR-82, DR-83 (FAQ) | 71 |
| (iv) KS-282, DR-82, DR-83 (SUP) .. .. .. | 76 |
| (v) Basmati .. .. .. .. .. .. .. .. | 143.50 |

(b) PASSCO establishes a purchase centre in Jafarabad District to procure paddy of coarse varieties and 370 and 385 varieties of basmati paddy.

جناب عبدالرحمان جمالی : میری اطلاع یہ ہے کہ ضلع نصیر آباد میں پاسکو نے دھان کی گھٹیا اقسام، I think this is too much ، کمتر اقسام وہ کہہ سکتے ہیں گھٹیا اقسام دھان کی کون سی ہوتی ہیں۔ بہرحال میرا سوال یہ ہے کہ یہ سنٹر نصیر آباد میں پاسکو کی خرید کے لیے کہاں پر قائم کیا گیا ہے۔

جناب احمد سعید اعوان : یہ ابھی مقرر ہو گا جی، آپ نے جعفر آباد میں کہا تھا وہاں پر مقرر ہو گا، اور باسمتی کی خرید کے لیے ہو گا۔

جناب عبدالرحمان جمالی : باسمتی میں کوئی گھٹیا اقسام تو نہیں ہوں گی۔

جناب چیئرمین : یہ گھٹیا کس کا ترجمہ کیا ہے انگریزی میں تو نہیں ہے۔

ملک احمد سعید اعوان : fair average quality جو ہے اس کا ترجمہ کیا ہے، ایک fair quality ہے ایک superior quality ہے جی یہ third class کو coarse کہا ہے جی coarse کہہ لیں یا گھٹیا کہہ لیں۔

جناب چیئرمین : coarse کا کوئی بہتر ترجمہ بھی ہو سکتا ہے۔

جناب عبدالرحمان : کمتر کہہ سکتے ہیں

ملک احمد سعید اعوان : آئندہ اسے کمتر کر دیں گے۔

جناب محمد علی خان : موٹے چاول، نہ کہ کمتر۔

جناب چیئرمین : شکریہ جی، اگلا سوال پروفیسر صاحب، ۲۳-بی

## PAKISTAN STEELS

43-B. ***Prof. Khurshid Ahmed :** Will the Minister for Production be pleased to state :

(a) the total production, sale and annual profit of Pakistan Steel during the fiscal years 1985-86, 1986-87, 1987-88, and 1988-89 ;

(b) the price of steel during the above period ; and

(c) the steps taken to improve the performance of Pakistan Steel ?

**Raja Shahid Zafar :** (a) Total production (of raw steel) sale and annual profit of Pakistan Steel during the fiscal years 1985-86, 1986-87, 1987-88 and 1988-89 are as follows :—

| Year | Raw steel production in thousand Tons | Sales Turn-over (Rs. in millions) | Total profit/(loss) in Million Rs. | Cash profit in Million Rs. |
|---|---|---|---|---|
| 1985-86 | 602 | 3531 | (1168) | (499) |
| 1986-87 | 662 | 5236 | (1292) | (247) |
| 1987-88 | 801 | 6550 | (350) | 671 |
| 1988-89 (Provisional) | 785 | 7640 | 50 | 1050 |

(b) The sale prices of Pakistan Steel products for domestic consumption are fixed at approximately median between C&F value and landed cost of comparable products in accordance with the decision of Economic Coordination Committee of the Cabinet taken in its meeting of 14th April 85. These prices are reviewed/ monitored jointly by Pakistan Steel and the Ministry of Production periodically to ensure that the prices are in line with the prevailing domestic prices in India, Japan and European countries. Prices of steel products during the four fiscal years mentioned above *viz* 1985-86 to 1988-89 were fixed according to criterion given above.

(c) Following steps have been taken to improve the performance of Pakistan Steel :—

(i) Pakistan Steel has embarked upon a programme to balance, modernize and expand its facilities. In this connection arrangements have already been made for adding a continuous Billet Caster of 400.000 tonnes per annum capacity to the existing facilities to boost the sale of billets specially to engineering and downstream industries. The Billet Caster is expected to be commissioned by September 89, two months ahead of schedule.

(ii) It has also been decided to increase the production capacity of Pakistan Steel on short term and long term bases. In the short term, the existing capacity of 1.1 million tonnes will be increased to 1.5 million tonnes by 1991 and in the long term to 3 million tonnes by 1996. Action on implementation of the short term plan has already been initiated by inviting package offers from internationally reputed steel makers.

(iii) Efforts are a foot to enhance local production of spares. The following steps are underway in this respect :—

— Installation of CADD System to prepare large number of drawings from existing spare parts. Procurement of the system has already been finalised and is expected to be commissioned during the current calendar year.

— Establishment of a Standardization Cell in Central Design Bureau.

— Induotion of modern equipment and high speed tools in Pakistan Steel Work-Shops.

(iv) Some major technical improvements have been made at the steel making plant for effecting increased productivity. These include :—

(i) Installation of ladle sliding gate system in steel ladle instead of conventional sleeves and plug type stopper rod system.

(ii) Replacement of hot tundish lining system with cold tundish lining system.

(iii) Installation of special taphole blocks system for the lining of taphole in steel converter.

(iv) Installation of converter gunning equipment for the lining repair of steel converters.

پروفیسر خورشید احمد : کیا وزیر محترم یہ بتانا چاہیں گے کہ total profit and loss اور cash profit میں کیا فرق ہے۔

جناب چیئرمین : یہ سوال نمبر ۴۳ (بی) میں آپ پوچھ رہے ہیں۔

پروفیسر خورشید احمد : جی کس سے پوچھ رہا ہوں۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی : یہ net profit پوچھنا چاہتے ہیں۔

جناب چیئرمین : کس کا ریفرنس دے رہے ہیں پروفیسر صاحب۔

پروفیسر خورشید احمد : یہ جو اس میں ٹیبل دیا گیا ہے اس میں کالم نمبر چار ہے۔ ٹوٹل پرافٹ اور اس کے بعد ہے کیش پرافٹ، ان دونوں میں کیا فرق ہے۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی : اس میں جناب بات یہ ہے کہ بنیادی طور پر کل منافع وہ ہوتا ہے جس میں depreciation شامل ہو جب اس کی cost کا repayment of loans وغیرہ included ہوتے ہیں premium وغیرہ یہ جب کل منافع سے منہا کر لیا جاتا ہے تو originally جو کیش بچ جاتی ہے وہ کیش پرافٹ کہلاتا ہے اور جو ٹوٹل منافع آتا ہے depreciation سے پہلے اور اس میں repayment سے پہلے تو میرے خیال میں تو یہ وہی مسئلہ ہے۔

پروفیسر خورشید احمد : کیا میں ٹیکنیکل الفاظ کے بارے میں وزیر صاحب کی کچھ مدد کروں۔ ایک چیز ہوتی ہے gross profit ایک چیز ہوتی ہے net profit، اور ان دونوں کا بھی کوئی concept ہے کہ gross profit میں کیا چیز آئے گی net profit جو ہے gross profit میں سے کیا چیزیں منہا کرنے کے بعد ہوں گی ایک تو trading account کہتے ہیں یا production account کہتے ہیں اس کے نتیجے کے طور پر gross profit بنتا ہے اور اس کے بعد profit and loss account کہتے ہیں اور اس کے نتیجے کے طور پر net profit نکلتا ہے لیکن یہ cash profit کیا چیز ہے۔

Mr. Chairman: May be they are trying to say what your are saying

غلط استعمال کیا ہوا ہے۔

پروفیسر خورشید احمد: وہ صحیح نہیں ہے، یعنی بتایا جاتا ہے کہ ۸۸-۱۹۸۷ میں کل منافع ۳۵۰ ملین ہے لیکن نقد منافع ہے ۱۷۶ ملین اس کے بعد ۸۹-۱۹۸۸ کے بارے میں بتایا جاتا ہے کہ کل منافع ہے ۵.۰ ملین لیکن نقد منافع ۱.۵۰ ملین بتاتے ہیں۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: فگرز غلط ہیں یہ پرنٹ بھی غلط ہوئی ہیں۔

پروفیسر خورشید احمد: سینیٹ کو غلط فگرز کیوں دی جاتی ہیں۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: میں معذرت خواہ ہوں، پرنٹنگ کی غلطی ہے۔

I thik, it is not according to the original figure.

Mr. Chairman: Who is the Minister Incharge of the Printing Corporation of Pakistan ?

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: یہ آپ کے سیکریٹریٹ سے فگرز شاید آئی ہیں۔

جناب چیئرمین: منسٹر انچارج کون ہے...

پروفیسر خورشید احمد: لیکن میرا خیال یہ ہے کہ ہم نے یہ بات جلدی کہہ دی ہے میں چاہوں گا کہ جواب آیا ہے منسٹری سے اس کا اور اس موجودہ جواب کا موازنہ کیا جائے اور بتایا جائے کہ اس میں کیا فگرز ہیں اور یہاں کیا ہیں۔

Lt. Gen. (Retd.) Saeed Qadir: I don't think there is any misprint or error of printing over here. The implication here of cash profit is that this is without any depreciation or repayments of loans and the interest thereon. This is a figure which has been arbitrarily developed in the Ministry to indicate that if you just work out production cost versus the amount of money spent the cash profit is that much. Normally it is not used in business circles.

جناب چیئرمین: یہ پرنٹنگ کی غلطی نہیں لگتی کیونکہ منسٹری نے جو کاغذ بھیجے تھے جو پرنٹنگ کارپوریشن کو بھیجے گئے اس کے مطابق ہی فگرز بنتی ہیں۔

Lt. Gen. (Retd.) Saeed Qadir: It is my submission that there is no printing error but they have developed a special way of explaining that there is some profit being made purely on cash basis from day to day working.

Mr. Chairman: What Professor Sahib is saying is

کہ اگر ٹوٹل منافع ۵۰ ملین بنتا ہے تو نقد منافع ۵۰۔۱ ملین کیسے بن گیا۔

Lt. Gen. (Retd.) Saeed Qadir: In this case they may have not even taken the depreciation into account and when you don't take the depreciation into account, you will add towards the cash profit. So, it will increase automatically.

**پروفیسر خورشید احمد:** جو بات جنرل صاحب کہہ رہے ہیں وہ ٹیکنیکلی درست ہے لیکن یہ پورا concept جو ہے spuerous, false concept ہے کوئی accounting کوئی budgeting اسے قبول نہیں کر سکتی کہ آپ depreciation interest جو آپ کو pay کرنا ہے loan پر، اس کو show کیے بغیر cash profit دکھا دیں، یہ محض دھوکہ دینے کی چیز ہے۔

**جناب چیئرمین:** میرا خیال ہے اس طرح کرتے ہیں کہ ڈاکٹر صاحب کل اپنی منسٹری سے پوچھ کر وضاحت کر دیں کہ کیا مقصد ہے۔

**ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی:** یہ صحیح ہے

**پروفیسر خورشید احمد:** دوسرا ضمنی سوال یہ ہے کہ میرا سوال یہ تھا ذرا آپ (الف) کو دیکھیں کہ the price of steel during the above period اور جواب دیا گیا ہے کہ criteria ہے price fixation کا actual price نہیں دی گئی، کیا ہے میں نے criteria نہیں پوچھا میرا سوال بہت simple ہے بہت clear ہے۔ that the price of steel during the above period چار time horizons میں نے سامنے رکھے لیکن جواب جو ہے اس میں جو چیز بیان نہیں کی گئی وہ پرائس ہے ان چاروں زمانوں میں پرائس کیا تھی۔

**ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی:** اس سارے مسئلے کے متعلق میں آپ کو کل بتا دوں گا۔

**ڈاکٹر نور جہاں پانیزئی:** پوائنٹ آف آرڈر، جناب ان لوگوں سے گلہ بھی نہیں کیونکہ یہ غلطیوں میں خود کفیل ہیں ان کی زندہ مثال ایک تو نوید ملک صاحب کی تقرری بھی۔ آپ کے سامنے ہے ان سے غلطیوں کی امید رکھی جا سکتی ہے۔

Mr. Chairman: This is no point of order. Point of order should relate to the business in hand at the moment. Next question No. 60.

## PRODUCTION AND CONSUMPTION OF YARN

(1)60. *Mr. Muhammad Tariq Chaudhary: Will the Minister for Industries be pleased to state:

(a) the quantity of yarn produced and exported during the last financial year; and

(b) the year-wise consumption of yarn in the local industry indicating also the percentage of total production during the last five years?

Mr. Ali Nawaz Shah: (read by Dr. Sher Afgan Khan Niazi) (a) During the last finacial year 1988-89, 779.97 M.KGS yarn was produced and 275.50 M.KGS exported.

(b) The year-wise consumption of yarn in the local industry and the percentage of total production during the last five years can be seen from the following tables—

| | Yarn Production M.KGS | Consumption of Yarn in the local Industry | Percentage Export | Percentage Local |
|---|---|---|---|---|
| 1984-85 | 436.73 | 310.87 | 28.82 | 71.18 |
| 1985-86 | 487.90 | 330.00 | 32.36 | 67.64 |
| 1986-87 | 592.09 | 332.39 | 43.86 | 56.14 |
| 1987-88 | 693.62 | 482.67 | 30.41 | 69.59 |
| 1988-89 | 779.97 | 504.47 | 35.32 | 64.68 |

جناب محمد طارق چوہدری: میں محترم وزیر سے یہ پوچھنا چاہوں گا کہ کیا دھاگے کی برآمد کے مسئلے پر خود اپنے ملک پاکستان کے اندر کوئی بحران ہے۔

جناب احمد سعید اعوان: دھاگے کے سلسلے کے اندر کوئی بحران نہیں ہے۔

جناب محمد طارق چوہدری: کیا یہ واقعہ نہیں ہے کہ خود پاکستان کے اندر ۴۵ فیصد پاورلومز دھاگہ نہ ملنے کی وجہ سے بند پڑی ہیں خود ان کے اپنے شہر میں۔

جناب احمد سعید اعوان: جناب چیئرمین! دھاگے کی بالکل کوئی کمی نہیں بلکہ ہمارے جو coarse crop کی production ہے جو اس کی consumption ہے وہ پہلے سے بڑھ گئی ہے اور اس قسم کی صورت حال نہیں ہے کہ جس سے فیکٹریاں بند ہو جائیں۔

پروفیسر خورشید احمد: جناب چیئرمین deficiency نام ہی اس بات کا ہے کہ اگر کسی چیز کی ڈیمانڈ بڑھ جائے اور سپلائی کافی نہ ہو تو اس کو deficiency کہتے ہیں اور سوال ہمارا یہی ہے کہ کیا یہ ایک حقیقت نہیں ہے کہ اس وقت آپ کی یارن کی جو ایکسپورٹ پالیسی ہے اس کی وجہ سے domestic supply اتنی یارن کی جتنی ہے domestic consumption نہیں۔ یہ ہے سوال؟

جناب احمد سعید اعوان: جناب چیئرمین! جہاں تک domestic consumption کی ضرورت ہے بالکل مارکیٹ میں available ہے فرق یہ ہے اس کی کاسٹ بڑھ گئی ہے کیونکہ اس کی demand and supply کا مسئلہ ہے جب ایکسپورٹ بڑھ گئی ہے ایکسپورٹ کی ڈیمانڈ زیادہ ہو گئی ہے ٹیکسٹائل والے اس کو زیادہ ایکسپورٹ کر دیتے ہیں دگرنہ پاور لومز کو ان کا کوٹہ انکی ضرورت کے مطابق مل رہا ہے بلکہ اگر آپ پروڈکشن دیکھیں گے تو پہلے سے ۵ء۴ زیادہ ہے۔

جناب چیئرمین: آپ کا کہنا یہ ہے یارن کی سپلائی میں کوئی کمی نہیں ہے قیمت بڑھ گئی ہے۔ جی جناب کوئی اور ضمنی سوال۔

پروفیسر خورشید احمد: جناب جب قیمت بڑھتی ہے تو اس کے نتیجے کے طور پر جو پاورلومز انڈسٹری ہے اس کی کاسٹ آف پروڈکشن بڑھتی ہے اور ملک میں کپڑے کی قیمت بڑھتی ہے اور انہی باتوں کو سامنے رکھ کر ایکسپورٹ پالیسی اسی طرح بنائی جاتی ہے تاکہ آپ کبھی اس بات کے لیئے incentive دے سکیں کہ ایکسپورٹ ہو اور کبھی آپ اس لیے incentive دیں کہ ایکسپورٹ نہ ہو اور ملک کی ضرورت پوری ہو کیا گورنمنٹ اس پوری نزاکت کو اس پورے complex کو کس طرح حل کر رہی ہے۔

جناب احمد سعید اعوان: جناب چیئرمین! یہ policy matter ہے اس پر منسٹری آف کامرس اور منسٹری آف انڈسٹری سوچ رہے ہیں لیکن جہاں تک سوال کا تعلق ہے اس کے مطابق جواب دے دیا گیا ہے اب مزید یہ جاننا چاہتے ہیں کہ پالیسی کیا ہے تو میں اس کا جواب دینے کے لیئے تیار ہوں۔

**جناب چیئرمین:** جناب طارق چوہدری صاحب آپ کچھ پوچھنا چاہتے ہیں۔

**جناب محمد طارق چوہدری:** محترم چیئرمین صاحب! ۸۷-۸۶ میں ۴۸ء۸۱ فیصد ایکسپورٹ ہوئی تھی اور ملک کے اندر بہت بڑا بحران پیدا ہو گیا تھا فیصل آباد میں اور دوسرے بڑے بڑے شہروں میں strikes ہوئی تھیں اور اس کے نتیجے میں ڈاکٹر محبوب الحق صاحب کے ساتھ ان کے مذاکرات کے نتیجے میں یہ طے پایا تھا کہ یارن پیدا کرنے والوں کو زیادہ سے زیادہ ۳۰ فیصد ایکسپورٹ کرنے کی اجازت ہوگی اور ابھی یہ چند مہینوں میں ۳۶ فیصد ایکسپورٹ ہو چکی ہے جبکہ خود اپنے ملک کی ڈیمانڈ ۷۰ فیصد سے بہر صورت زیادہ ہے crisis اس وجہ سے پیدا ہوا ہے قیمتیں اس وجہ سے بڑھی ہیں اور پاور لومز اس وجہ سے بند ہوئی ہیں کہ ملک کی ضرورت سے زیادہ yarn برآمد کر دیا گیا ہے یہ ہے اصل وجہ۔ کیا اس سے وزیر صاحب اتفاق نہیں کرتے۔

**جناب احمد سعید اعوان:** جناب چیئرمین! جیسے میں نے پہلے عرض کیا کہ world market میں yarn کی قیمت بہت بڑھ گئی ہے کیونکہ اس وقت چین world market میں نہیں ہے انڈیا بھی world market میں نہیں ہے تو پاکستانی یارن کی قیمت بڑھ جانے کی وجہ سے اس کی ڈیمانڈ بیرون ملک بڑھ گئی ہے جہاں تک پاور لومز کا تعلق ہے میں عرض کرتا ہوں کہ اس وقت فیصل آباد کے اندر کم از کم ایک تھان کے اوپر لوگوں کو ۳۰ سے لے کر ۴۰ روپے تک منافع آ رہا ہے وہاں کوئی انڈسٹری بند نہیں ہوئی تھوڑے بہت لوگوں نے کوٹہ کے اوپر شور ضرور مچایا اس سے ان کا کوئی تعلق نہیں ہے یارن ان کو پورا مل رہا ہے اور جہاں تک پالیسی کا تعلق ہے یہ میں نے جیسے پہلے عرض کیا کہ منسٹری آف کامرس اور منسٹری آف انڈسٹری اس مسئلے پر سوچ رہے ہیں اگر واقعی ان کی پوری نہ ہو ضرورت زیادہ ہو تو شاید ان کے لئے ہم کوٹہ مقرر کر دیں میں فائنل بات نہیں کر رہا یہ under discussion ہے کہ شاید ان کے لیے ہم کوئی کوٹہ مقرر کر دیں۔ یہ پالیسی under consideration ہے ابھی یہ finalize نہیں ہوئی۔

**جناب چیئرمین:** کوئی اور ضمنی سوال۔

**جناب محمد محسن صدیقی:** کیا جناب وزیر صاحب یہ فرمائیں گے کہ آیا ان کے ذہن میں یہ چیز ہے جہاں تک انٹرنیشنل مارکیٹ ہے قیمت نہیں بڑھی ہے صرف آپ کا روپیہ کم ہو گیا ہے اس لیئے آپ کو جو روپے میں پیسہ ملتا ہے وہ قیمت بڑھی ہے اور اگر آپ نے یارن کی یہ پالیسی تبدیل نہ کی تو آپ کے ہاں خود کپڑا باہر سے منگوانا پڑے گا foreign exchange خرچ کرنا پڑے گا اور یہ یارن کی قسم کی چیزیں جو semi-finished goods ہیں یہ بھیج کر آپ دنیا کو سستا دیتے ہیں اور ملک کو آپ ترسا رہے ہیں اور ultimately آپ کو امپورٹ کرنا پڑے گا۔ کیا اس کا احساس انہیں ہے۔

**جناب چیئرمین:** جی شکریہ جناب اعوان صاحب۔

**جناب احمد سعید اعوان:** جناب چیئرمین! world market بڑھ گئی ہے یہ صرف devaluation کی وجہ سے یارن کی قیمت نہیں بڑھی ویسے پاکستان کے یارن کی قیمت بڑھ گئی ہے اگر انہیں foreign exchange facts and figures چاہئیں تو میں انہیں facts and figures دینے کے لیئے تیار ہوں کتنی قیمت بڑھی ہے اور ہم کتنا foreign exchange earn کر رہے ہیں۔

**پروفیسر خورشید احمد:** جناب چیئرمین! میرے خیال میں اس معاملے میں وزیر صاحب درست ہیں اور فی الحقیقت اس زمانے میں international prices بڑھی ہیں لیکن محسن صاحب بھی درست ہیں کہ ہمارے ایکسپورٹر کو بیک وقت دو benefits مل رہے ہیں ایک devalue money کا international prices کا بڑھنا اور دوسرا rebate کا ہونا اور دراصل یہی موقع ہوتا ہے جب policy maker یا کوٹہ اختیار کرتا ہے یا rebate میں کمی کرتا ہے یا ڈیوٹی لگاتا ہے تاکہ جو less-value added ہو اس کی ایکسپورٹ کم ہو جو زیادہ value-added ہیں اس کی ایکسپورٹ ہو سکے تو یہی موقع ہوتا ہے sensitive policy intervention کا اور میرے خیال سے یہ وقت گزر رہا ہے اگر حکومت نے ابھی تک اپنا mind make-up نہیں کیا۔

Then it will be too late.

جناب چیئرمین: شکریہ جی آپ غور کر لیں تجاویز آپ کو بڑی اچھی ملی ہیں۔

So, I am sure, you will take them into account. I think that brings us to the end of the Question Hour.

## LEAVE OF ABSENCE

جناب چیئرمین: جناب قاضی حسین احمد نے چند ضروری مصروفیات کی بنا پر ایوان سے ۱۹ جولائی تا اختتام میعاد حالیہ رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: جناب عبدالمجید قاضی صاحب ذاتی وجوہات کی بنا پر ایوان میں ۱۹ اور ۲۰ جولائی کو شرکت نہیں کر سکے اس لیئے انہوں نے ایوان سے ان تاریخوں کے لیئے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: جناب اعجاز علی جتوئی صاحب نے ایوان سے ۹ تا ۲۴ جولائی رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ انکی رخصت منظور فرماتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

Mr. Chairman: I think the next item is the un-finished business, on the statements against the Senate.

Mr. Tariq Chaudhary on a point of order.

جناب محمد طارق چوہدری: جناب چیئرمین بہت سی پریولج موشنز اور ایڈجرنمنٹ موشنز پڑی ہوئی ہیں اگر ان میں کچھ لے لیں۔

جناب چیئرمین: کچھ تو نہیں۔

I have to follow the agenda as given on the Orders of the Day.

جناب محمد طارق چوہدری: جناب ایڈ جرنمنٹ موشن کا جو آدھ گھنٹہ ہے اور پریولیج موشن کا ٹائم جو ہے ---- - - -

جناب چیئرمین: ایک پریولیج موشن ہے۔

Yes, please Mr. Tariq you wanted to say something.

(Interruptions)

We will take it up after the privilege motion.

## PRIVILEGE MOTION
## Re: EXTERNMENT OF SENATOR ASIF FASIHUDDIN VARDAG FROM NWFP

Mr. Chairman: These are privilege motions No. 6,8 and 14 by Mr. Muhammad Tariq Chaudhary, Mr. Ahmed Mian Soomro and Mr. Asif Fasihuddin Vardag regarding the externment order of Mr. Asif Fasihuddin Vardag. Yes, please Mr. Tariq Chaudhary.

جناب محمد طارق چوہدری: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ میں تحریک کرتا ہوں کہ اس ایوان کے ایک معزز رکن فصیح الدین وردگ کو ذاتی وجوہات کی بنا پر صوبہ بدر کر کے نہ صرف اس کے بنیادی حق کی نفی کی گئی ہے بلکہ اس اقدام سے اس ایوان کا وقار اور استحقاق بھی مجروح کیا گیا ہے لہٰذا یہ معزز ایوان فوری طور پر اس کارروائی کا نوٹس لیتے ہوئے میری تحریک کو کمیٹی کے سپرد کرے۔

جناب چیئرمین: احمد میاں سومرو صاحب، وہ تشریف نہیں رکھتے۔

Is it being opposed ?

Mr. Ahmed Saeed Awan: Opposed.

جناب چیئرمین: جی طارق صاحب آپ اس پر کچھ فرمانا چاہیں گے۔

جناب محمد طارق چوہدری: جناب محترم چیئرمین! آصف فصیح وردگ اس ایوان کے معزز رکن ہیں اور ایبٹ آباد میں اپنی سیاسی سرگرمیوں کی وجہ سے یا سیاسی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کی وجہ سے انہیں صوبہ بدر کر دیا گیا اس طرح ہمارے ایک معزز رکن کے

بنیادی حق کی خلاف ورزی کی گئی اور ایک بنیادی حق کو جبکہ وہ کسی طرح کی غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث نہیں تھا ایک ایڈمنسٹریٹو حکم کے ذریعے نکالا گیا حکومت کی طرف سے یہ اقدام ملک میں سیاسی polarization میں اضافے کا باعث ہو گا کیونکہ پنجاب سے تعلق رکھنے والے سینیٹر کو اس وجہ سے وہاں سے نکال دیا جائے کہ وہاں کے چیف منسٹر کے خلاف اٹھنے والی تحریک میں خود وہ بھی ممبران کے ساتھ اپنے سیاسی حق کو استعمال کر رہے ہیں اگر یہ طریقہ کار جاری رہا تو کل کو خدانخواستہ بلکہ اس سے پہلے بہت پہلے پنجاب میں بھی چیف منسٹر کے خلاف اسی طرح کی تحریک شروع کی گئی تھی۔ اور اگر اس بات کو روایت بنالیا گیا تو پھر اس کا تو یہ نتیجہ ہو گا کہ مرکزی حکومت سے تعلق رکھنے والا کوئی بھی وزیر لاہور میں اتر نہیں پائے گا، پنجاب میں کوئی وزیر نہیں جاسکے گا، کوئی بھی شخص جب وہاں ایرپورٹ پر اترے گا تو اسے ایک ایڈمنسٹریٹو آرڈر مل جائے گا کہ آپ کو صوبہ سے نکال دیا گیا ہے، تو اس طرح سے سارے صوبوں کے درمیان بڑی منافرت پیدا ہو جائے گی۔ پنجابی میں کہتے ہیں کہ نانی نے خصم کیا، برا کیا، کرکے چھوڑا اور برا کیا، اگرچہ شیر پاؤ صاحب نے وہ آرڈر کروایا اور اس کے بعد اسے واپس لے لیا لیکن بنیادی طور پر ایک ایسی روایت اور ایک ایسی طرح ڈال دی گئی ہے جو آگے چل کر صوبوں کے صوبوں کے درمیان اور مرکز کے درمیان صوبوں اور اصولوں کے درمیان ایک بہت بڑی روایت کا سبب بن سکتی ہے۔

**جناب چیئرمین**: شکریہ۔ جی جناب ڈاکٹر صاحب، آپ اس کو oppose کر رہے ہیں

**ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی**: جی ہاں،

**اخونزادہ بہرہ ور سعید**: جناب چیئرمین! میں کچھ عرض کروں۔

**جناب چیئرمین**: اس میں اجازت نہیں ہوتی mover کے علاوہ،

جی جناب، ڈاکٹر صاحب۔ unless I need to ask for assistance.

**ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی**: جناب چیئرمین! میں اس کی details میں نہیں جانا چاہتا، کیونکہ یہی پریولیج موشن قومی اسمبلی میں بھی deal ہو چکی ہے، اور وہاں پر بھی میں نے گزارش کی تھی کہ میں ذاتی طور پر اس فعل کی، یعنی اسے وہاں نکالنے کی، مذمت کرتا ہوں، اور گورنمنٹ بھی اسے اچھا نہیں سمجھتی، جہاں تک اس پریولیج موشن کا تعلق ہے، اس کے

[Dr. Sher Afgan Khan Niazi]

ایڈمیسیبل ہونے کا تعلق ہے، اس ضمن میں، آپ کی توجہ یہیں پاکستان کی پارلیمنٹ میں ہونے والے ایک ایسے ہی واقعہ کی طرف دلانا چاہتا ہوں اور یہ ہے

National Assembly of Pakistan, Selection from the Decisions of the Chair 1962-65.

Volume 2, reprint in 1977. اس کا صفحہ ہے ۷۷، پریولیج موشن نمبر ۱۰۵،

Privilege Motion - externment by an executive order of a member of the National Assembly from his constituency does not constitute a breach of privilege. Motion ruled out of order.

یہ ۱۸ دسمبر ۱۹۶۲ کا مسئلہ ہے، اور اب میرے خیال میں اب اسی ایوان کے وہ ممبر نیشنل اسمبلی کے ممبر ہیں، اور تشریف فرما ہیں میر خیر بخش مری جو اس وقت بلوچستان سے ممبر تھے، یہاں حلقہ نمبر، سب کچھ دیا ہوا ہے

میر خیر بخش مری کو ایک ایگزیکٹو آرڈر کے تحت نکال دیا گیا تھا۔ اور اس ضمن میں یہ بریچ آف پریولیج نہیں بنتی، اس پہ باقاعدہ رولنگ ہے، یہی پیش کرنا میں مناسب سمجھتا ہوں اور کافی سمجھتا ہوں کہ اس بنا پر اسے بھی rule out of order کیا جائے۔

جناب چیئرمین: طارق چوہدری صاحب، چونکہ انہوں نے مذمت کی ہے اور کہتے ہیں کہ حکومت بھی مذمت کرتی ہے اور یہ آرڈر اب واپس بھی ہو گیا ہے، تو کیا آپ اس صورت میں اس کو پریس کرتے ہیں۔

جناب محمد طارق چوہدری: جناب چیئرمین، ڈاکٹر صاحب بڑے جمہوریت پسند وزیر ہیں اور انہوں نے بزبان خود اس کی مذمت بھی کر دی ہے، تو یہ مذمت بھی ہمارے دل میں ٹھنڈک ڈالنے کے لیئے کافی تھی اور باقی جو انہوں نے کہا ہے وہ خواہ مخواہ انہوں نے effort کی ہے۔

**Mr. Chairman:** So, this is not pressed.

قاضی عبداللطیف: جناب والا!

جناب چیئرمین: جی قاضی صاحب۔

قاضی عبداللطیف : میں جناب ڈاکٹر صاحب سے ایک وضاحت چاہوں گا کہ وہ یہاں بحیثیت وزیر کے جواب دے رہے ہیں اور انہوں نے اس میں قید یہ لگا دی ہے کہ میں ذاتی طور پر اس کی مذمت کرتا ہوں ۔۔۔

جناب چیئرمین : انہوں نے کہا ہے کہ وہ ذاتی طور پر بھی کرتے ہیں اور حکومت بھی مذمت کرتی ہے ۔

قاضی عبداللطیف : اس میں امتیاز کیا ہوگا کہ وہ مذمت ذاتی طور پر ہے یا حکومت کے وزیر کی حیثیت سے ہے ، جب کہ وہ یہاں جواب وزیر کی حیثیت سے دے رہے ہیں ۔

جناب چیئرمین : انہوں نے دونوں طرح سے کہا ہے ، انہوں نے کہا ہے کہ میں ذاتی طور پر بھی مذمت کرتا ہوں اور حکومت بھی مذمت کرتی ہے ۔

قاضی عبداللطیف : بس ٹھیک ہے جی ۔

Mr. Chairman: I think that brings us to the end of the privilege motion.

طارق صاحب آپ فرما رہے تھے کہ

you wanted to move some motions.

Khawaja Ahmed Tariq Raheem: I think we have a motion concerning the election of members to the Standing Committees.

Mr. Shad Muhammad Khan: Point of order.

Mr. Chairman: Mr. Shad Muhammad on point of order.

جناب شاد محمد خان : جناب والا یہ alterations اور addition کا سلسلہ لامتناہی شروع ہو گیا ہے ۔ So, I invite your attention to Rule 153.

جناب چیئرمین : شاد محمد خان صاحب ، اس مسئلہ کو آپ چیمبر میں لے آئیں ، because now it is on the Orders Of The Day رولز کے بارے میں ، کچھ ممبران
نے بھی اس سلسلے میں عرض کیا ہے اسکو ہم دیکھ لیں گے ، فی الحال چونکہ یہ مسئلہ آرڈرز آف

دی ڈے پر ہے ، اس کو move کرنے دیں،

we will discuss it in the Chamber.

**Mr. Shad Muhammad Khan:** When it is passed, Sir, what will be the need of discussing it ?

جناب چیئرمین: کیونکہ کچھ ممبران سوچ رہے ہیں کہ رولز میں امنڈمنٹ ہونی چاہیئے

**Mr. Shad Muhammad Khan:** When the rules are amended, it can come again.

**Khawaja Ahmed Tariq Rahim:** May I make a suggestion. There are various members who also came to me saying that actually the minimum number is prescribed but maximum number is not prescribed and there are some committees where more than 20 members are already there and a few more members are trying to get on those committees. May I suggest that if this may be, with the consent of the House and with your permission, deferred so that we could have a look at it properly and then bring it to the House.

**Mr. Chairman: Muhammad Ali Khan Sahib,** do you agree with that ?

**Mr. Muhammad Ali Khan:** Yes, Sir.

**Mr. Chairman:** O.K. We defer this.

Now according to the rules we have to take up the adjournment motions before we take up any other business unless the House wants to suspend the adjournment motions and take up the discussion on the motion under Rule 194. What is the sense of the House ?

قاضی عبداللطیف: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب چیئرمین: جی فرمائیے۔

قاضی عبداللطیف: اس سے پہلے ہماری تحریک التوا پیش ہو چکی ہے، اس پر بحث شروع تھی، اب یہ بحث مکمل ہونے والی ہے۔

جناب چیئرمین: اب آپ اس بحث کو مکمل کرنا چاہتے ہیں۔

قاضی عبداللطیف: نہیں، ایک تو یہ ہے کہ نئی تحریک التوا ہے۔

جناب چیئرمین: جی ہاں،

قاضی عبداللطیف: ایک وہ ہے جو پہلے سے پیش ہو چکی ہے اس پر بحث ہونی چاہیئے

جناب چیئرمین: پہلے تو وہ لیں گے جو زیر بحث ہے۔

جناب محمد طارق چوہدری: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب چیئرمین: جی طارق چوہدری صاحب۔

جناب محمد طارق چوہدری: جناب چیئرمین! اس وقت ساڑھے آٹھ بج چکے ہیں، آپ مزید آدھا گھنٹہ اس ہاؤس کو چلائیں گے، تو اس آدھا گھنٹہ میں آپ یہ ایڈجرنمنٹ موشنی لے لیں۔ اور کل کا پورا دن جو ہے وہ اس کے لئے رکھا جائے۔

جناب چیئرمین: کیوں جی، وزیر برائے پارلیمانی امور آپ کا کیا خیال ہے۔

پروفیسر خورشید احمد: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب چیئرمین: جی فرمایئے۔

پروفیسر خورشید احمد: کل اس پر فل ڈسکشن کر کے ختم کر لیں تو بہتر ہو گا۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے جی،

So, what we will do is that we take up adjournment motions and then tomorrow we will take up this matter in the morning at ten o'clock and try to finish this motion tomorrow. Is that agreed ?

*(The motion was carried)*

## ADJOURNMENT MOTIONS

**Mr. Chairman:** O.K. Now we take up adjournment motions.

قاضی صاحب، کوئی موشن پنڈنگ پڑی ہوئی ہے۔

قاضی عبداللطیف: جی ہاں، ہے۔

جناب چیئرمین: آپ نے وہ ایڈجرنمنٹ موشن پڑھ دی تھی۔

قاضی عبداللطیف: جی ہاں ۔

جناب چیئرمین: آپ نے اس پر کچھ کہنا ہے ۔

قاضی عبداللطیف: ضرور کہنا ہے۔

جناب چیئرمین: فرمایئے جی۔

قاضی عبداللطیف: جناب چیئرمین، اگر اجازت ہو تو دوبارہ پڑھ دوں تاکہ ذہنوں میں یہ دوبارہ تازہ ہو جائے۔

جناب چیئرمین: آپ اسے پڑھ چکے ہیں، صرف آپ نے جو اس پر تقریر کرنی ہے وہ شروع کریں۔

قاضی عبداللطیف: جناب والا! پڑھنے سے دوبارہ ذہنوں میں تازہ ہو جائے گا۔

جناب چیئرمین: پڑھ لیں جی، اپنی تسلی کے لئے پڑھ لیں۔

## (i) Re: ALLEGED INVOLVEMENT OF RAW IN TERRORIST ACTIVITIES IN SINDH

قاضی عبداللطیف: میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ سینٹ کی معمول کی کارروائی روک کر اس اہم قومی حالیہ وقوع پذیر واقعہ پر بحث کی جائے۔ روزنامہ جنگ، راولپنڈی ۳۱ مئی ۱۹۸۹ سندھ میں دہشت گردی اور تخریب کاری کے بھارتی منصوبے کا انکشاف، اندرون سندھ پاکستان کے خلاف لٹریچر اور جعلی کرنسی کی تقسیم، بھارتی کرنسی بھی پکڑی گئی، منصوبہ بھارتی خفیہ ایجنسی نے تیار کیا تھا، یہ ہے وہ تحریک، جناب والا!

جناب چیئرمین: یہ بھی فرمائیں کہ یہ admissible کیسے بنتی ہے۔

قاضی عبداللطیف: وہ اس طریقے سے جناب والا! کہ حکومت بیرونی مداخلت روکنے میں ناکام رہی ہے جو حکومت کی نااہلی کی دلیل ہے، ایوان کو اس پر بحث کا موقع دیا جائے۔

جناب چیئرمین: جی فرمایئے۔

قاضی عبداللطیف: جب کہ باہر کی ایجنسیاں پکڑی جاتی ہیں اور ان سے کرنسی بھی

**ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی:** وہاں نہ کرنسی، نہ لٹریچر اس طریقہ سے پھیلایا جا رہا ہے ایک مسئلہ تو یہ ہے کہ یہ حقائق کے مطابق نہیں ہے۔ جو قاضی صاحب نے فرمایا ہے وہ ایک خبر ہے اور اس میں کوئی حقیقت نہیں ہے۔ دوسری بات یہ ہے آپ سمجھتے ہیں ٹیکنیکلی یہ مئی کا مسئلہ ہے اگر اس میں urgency ہوتی مئی جون کے بعد جولائی آچکا ہے میں نے سابقہ کئی بار یہی عرض کیا ہے اور اس معزز ایوان کے سامنے یہ بات پیش کی ہے کہ وہ مسئلہ جو ایسی نوعیت کا ہو کہ فوری طور پر اندرون ملک یا بیرون ملک کوئی واقعہ ہو اور اس کو التواء میں نہ ڈالا جا سکے ہر حالت میں وہ تمام ملک میں مساوی طور پر اثر انداز ہو تو وہ public urgent matter بنتا ہے لیکن اس میں urgency کا عنصر شامل نہیں ہے اس لیے یہ ٹیکنیکلی کسی بھی رول کے تحت admissible نہیں ہے کیونکہ اس میں ایک single matter ہونا چاہیئے۔ ایک تو پلان ہے ایک issue یہ ہے کہ کرنسی اور لٹریچر پکڑا گیا ہے تخریب کاری ہو رہی ہے پھر اس قسم کے بہت سارے issues ہیں جو اس تحریک التوا کے متن میں دیئے گئے ہیں۔۔۔ بنیادی طور پر ایک issue ہونا چاہیئے۔
Single specific matter of urgent public importance that is the base of an adjournment motion.

**جناب چیئرمین:** قاضی صاحب! بنیادی طور پر وہ کہتے ہیں کہ یہ واقعہ ہی نہیں ہوا یہ تو حکومت کے نوٹس میں نہیں ہے۔ ایسے حالات میں آپ پریس کرنا پسند کریں گے یا نہیں

**قاضی عبداللطیف:** جناب والا! ہمارے پاس ذرائع اطلاعات اخبارات ہیں۔ اگر وہ کہتے ہیں کہ کچھ نہیں ہے پھر یہی کہہ دینا کافی تھا۔ لیکن یہ کہنا کہ وہ قواعد کے مطابق نہیں ہے۔ ہمارے پاس ذرائع اطلاعات اخبارات ہیں یہ خبر بڑی شہ سرخی سے آئی ہے اس دوران حکومت کو چاہیئے تھا کہ اس کی کم از کم تردید کر دیتی۔ یا ان اخبار والوں سے باز پرس کرتی یہ بہت اہم معاملہ ہے آپ غیر ضروری سرخیاں کیوں جماتے ہیں۔ کیا حکومت نے اس سلسلے میں کوئی کارروائی کی ہے

**جناب چیئرمین:** کیا آپ اس کو پریس کرنا چاہیں گے یا؟

**قاضی عبداللطیف:** یقیناً پریس کرتا ہوں۔

پکڑی جاتی ہے، یہاں پر ایک ایجنٹ دہشت گردی کے الزام میں پکڑا گیا تھا، وہ پولیس کی حراست میں ہے، اس نے یہ انکشافات کئے ہیں کہ واقعی یہاں پر ہمیں متعین کیا گیا ہے اور یہاں پر ہمیں یہ فرائض اور یہ طریقہ کار سونپا گیا ہے اور اسی کے مطابق ہم یہاں کارروائی کر رہے ہیں۔ جناب والا! آپ اندازہ لگائیے، سندھ میں اس وقت جو حالات ہیں، وہ تقریباً کافی عرصے سے ۔۔۔

جناب چیئرمین: آپ اس مسئلہ پر بات کریں سندھ کے حالات تو بہت پرانی بات ہو گئی ہے۔

قاضی عبداللطیف: میں عرض کر رہا ہوں کہ وہاں باہر کے آنے والے آدمیوں کا یہ کردار ہے، اس لئے کہ سندھ میں جو تخریب کاری ہو رہی ہے، اس کے متعلق تقریباً یہی کہا جا رہا ہے کہ باہر کے ہاتھ اس میں ملوث ہیں۔ اب باہر کے ہاتھ ملوث ہونے کے ساتھ ساتھ آج تک اس پر قابو نہیں پایا جا سکا اور اس وقت وہ کہتے ہیں کہ ہم نے ایک ایجنٹ کو گرفتار کیا ہے، میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ اس سلسلے میں مزید کیا انکشافات ہوئے ہیں، جہاں تک سندھ میں امن وامان کا تعلق ہے، تو میں گزارش کروں گا کہ وہاں پر اس وقت پیپلز پارٹی اور ایم کیو ایم کی حکومت ہے۔ اور وہ دونوں اپنے عوام سے اپیل کر رہے ہیں جبکہ ہم یہ تو نہیں کہہ سکتے کہ وہاں پر پیپلز پارٹی فسادات کرا رہی ہے معلوم ہوتا ہے کہ وہ ان کی بات مانتے نہیں ہیں اور یہ وہ لوگ ہوں گے جو باہر سے آئے ہوئے ہیں اور وہاں تخریب کاری کر رہے ہیں۔ اب اگر باہر کے ایجنٹوں کو حکومت روک نہیں سکتی تو اس سے زیادہ ناکامی کی دلیل اور کیا ہو سکتی ہے۔ اس لیے میری گزارش ہوگی کہ اس پر بحث کی جائے۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: جناب چیئرمین! معزز رکن نے جو تحریک التواء پیش فرمائی ہے وہ بنیادی طور پر تصدیق شدہ حقائق پر مبنی نہیں ہے اور کسی قسم کی ایسی بات حکومت کے نوٹس میں نہیں ہے ۔۔۔

جناب چیئرمین: مطلب یہ ہے کہ کوئی آدمی نہیں پکڑا گیا کوئی بھارتی ایجنٹ نہیں پکڑا گیا؟ ۔۔۔

**جناب چیئرمین:** مجھے رولنگ دینی پڑے گی خواہ مخواہ...

Senator Qazi Abdul Latif has sought leave to move an adjournment motion based on a news item published in the daily 'Jang' of May 31, 1989. According to the news item an Indian agent was arrested and is in Police custody. Some Indian currency was recovered from this agent and it is alleged that he has been acting on behalf of the Indian intelligence agency "RAW" and that he is spreading some literature which is detrimental to the interest of Pakistan. Dr. Sher Afgan the honourable Minister of State for Parliamentary Affairs has denied the truth of his statement. He has also said that the adjournment motion is hit by Rule 75 clauses (a), (b) and (c) of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate 1988.

In view of the fact that the truth of the allegation contained in the newspaper has been denied by the honourable Minister, the adjournment motion is not admissible. In view of the fact that the adjournment motion is being held inadmissible on the above ground, I don't think it is necessary to go into the other objections which have been raised by the honourable Minister of State for Parliamentary Affairs. Thank you. Next adjournment motion - Qazi Abdul Latif No. 7.

## (ii) Re: DISTRIBUTION OF A BOOK IN SINDHI LANGUAGE CONTAINING DEROGATORY REMARKS AGAINST THE HOLY PROPHET (PBUH) AND THE HOLY QURAN)

**قاضی عبداللطیف:** میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ ایوان کی معمول کی کارروائی روک کر اس اہم حالیہ وقوع پذیر قومی اہمیت کے حامل واقعہ پر بحث کی جائے۔ روزنامہ نوائے وقت مورخہ ۱۵ جون۔ سندھی نوجوانوں کو اسلام سے برگشتہ کرنے کے لیے بھارت کی تازہ شرارت۔ قرآن اور پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف سندھی زبان میں کتاب کی اشاعت اور تقسیم

جناب والا! اسلام پاکستان کا سرکاری مذہب ہے اس کی حفاظت حکومت پاکستان کا فرض اور ڈیوٹی ہے قرآن کریم اور پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خلاف لٹریچر کی اشاعت اور تقسیم اسلام اور پاکستان کے خلاف سازش ہے۔ حکومت اسلام کا تحفظ کرنے میں ناکام رہی ہے ایوان کو اس پر بحث کا موقع دیا جائے۔

Mr. Chairman: Is it being opposed?

Dr. Sher Afgan Khan Niazi: On technical and other grounds, I oppose it

**جناب چیئرمین:** جی قاضی صاحب briefly بتادیں کہ کیسے admissible ہے جی؟ آپ نے کتاب کا نام بھی نہیں بتایا تاکہ اس پر ایکشن لے سکیں۔

**قاضی عبداللطیف:** جناب والا! جو کچھ اخبار میں آیا ہے وہ میں نے پیش کیا ہے اور اس اخبار کا تراشا بھی پیش کر دیا ہے۔ اگر ہمارے ڈاکٹر صاحب پھر وہی سہارا لیں گے کہ یہ اخباری اطلاع ہے۔ اس کا مقصد یہ ہے کہ قواعد کے اندر تو ہمیں یہ کہا جا رہا ہے کہ تراشا اس کے ساتھ ہونا چاہیئے تو پھر کوئی تحریک اخباری اطلاع کی بنیاد پر پیش ہی نہیں ہو سکتی۔ اگر یہی مقصد لیا جائے ہاں البتہ اگر وہ یہ کہہ دیں کہ جس اخبار نے یہ اطلاع شائع کی ہے ہم نے اسکو نوٹس دیا ہے یا تنبیہہ کی ہے یا اس کو یہ کہا ہے پھر تو ایک بات ہو سکتی ہے یہاں بھی میں یہی گزارش کروں گا کہ ہماری اس اطلاع کا دار و مدار اخبارات پر ہے اور ہم تک جو بھی اطلاعات پہنچتی ہیں ذرائع ابلاغ سے پہنچتی ہیں۔ یا اخبار و رسائل سے ہوں گی یا ریڈیو وغیرہ سے ہوں گی۔ اور اگر اس کے متعلق وہ کہیں گے کہ اس کا کوئی اعتبار ہی نہیں ہے تو پھر میرا خیال ہے کہ کوئی بھی تحریک التوا قابل سماعت نہیں ہو سکتی اس لحاظ سے میں عرض کروں گا کہ یہ بڑا اہم معاملہ ہے اور اس پر غور کیا جائے۔۔۔ عام طور سے ہندوستان کا اس وقت طریقہ کار یہ ہے کہ وہ ہمارے نوجوانوں کو اپنے نظریات سے برگشتہ کرنے کے لیئے یہ بڑا حربہ استعمال کر رہا ہے۔ اس لیئے کہ ہمارے نزدیک بڑی طاقت، نظریات کی طاقت ہے۔ اگر خدانخواستہ نظریات باقی نہ رہے تو پھر ہم صرف اسلحہ کی بنیاد پر انکا مقابلہ نہیں کر سکیں گے۔ اور دنیا نے دیکھ لیا ہے کہ نظریات کی طاقت تمام طاقتوں سے بڑھ کر ہے۔ اس لئے میں گزارش کروں گا کہ یہ بڑا اہم معاملہ ہے اس پر غور ہونا چاہیئے۔

**ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی:** جناب چیئرمین! یہ بڑا نازک مسئلہ ہے۔ قرآن پاک اور حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تمام مسلمانوں کی حب یکساں ہے یہ کسی ایک طبقے کا کام نہیں

ہے۔ اور اگر سندھ میں ایسا ہوا بھی ہے جیساکہ آپ نے خود فرمایا ہے کتاب کا نام بھی انکے پاس نہیں ہے تو وہاں صوبائی حکومت موجود ہے اور ان کے پاس قانون موجود ہے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں گستاخی پر سزا دینے کے لئے اصولی طور پر C.R.P.C. میں گذشتہ اسمبلی نے باقاعدہ ترمیم کی تھی اور ان کے لئے death penalty prescribe کی گئی تھی اور وہ قانون بھی موجود ہے تمام دوسرے قوانین بھی موجود ہیں۔ اگر ایسی بات ہے تو یقیناً یہ صوبائی حکومت کا کام ہے اور اس کو کرنا چاہیئے۔ یہ فیڈرل گورنمنٹ کا کام نہیں ہے اگر وہاں اس قسم کی صورت حال ہے اور اگر قاضی صاحب کے نوٹس میں ہے تو وہ صوبائی حکومت کو لکھ کر بھیجیں۔ یہ اس کا کام ہے۔ یہ تحریک التواء بنیادی طور پر بنتی ہی نہیں ہے جب تک کہ اس کے تمام حقائق منظر عام پر نہ آ جائیں اور قاضی صاحب وہ دستاویزی ثبوت پیش نہ کریں چونکہ یہ بہت نازک مسئلہ ہے یہ مسلمانوں کی حب کا مسئلہ ہے دین کا مسئلہ ہے اس بنیاد پر میں عرض کروں گا کہ ایک تراشے کی مدد سے اس قسم کی تحریک التواء پیش کرنا جبکہ substantially حقیقت نہ ہو تاوقتیکہ تصدیق نہ ہو جائے اس کو آپ ایڈمٹ نہ فرمائیں اس طریقہ کار سے ہمارے احساسات و جذبات مجروح ہو سکتے ہیں۔

**جناب چیئرمین:** قاضی صاحب میرے خیال میں اس میں یہ کرتے ہیں۔ کوشش کریں اگر کتاب کا حوالہ مل جائے تاکہ حکومت کی توجہ اس کی طرف دلائی جائے تاکہ اگر اس میں واقعی کوئی قابل اعتراض چیز ہے تو حکومت اس پر ایکشن لے سکے۔

**قاضی عبداللطیف:** اس سلسلے میں میں گزارش کروں گا جناب والا! میرا کام یہ تھا کہ اس طرف آپ کی توجہ دلاؤں اور اس ایوان کی توجہ دلاؤں۔ اب یہ حکومت کا کام ہے کہ اس کے متعلق وہ تحقیقات کرے کہ جہاں سے وہ قرارداد آئی ہے اس کے متعلق وہاں پر ہیجان پیدا ہوا ہے اور اخبار نے جہاں سے یہ کٹنگ لی ہے وہاں اس کے خلاف باقاعدہ قرارداد پیش ہوئی ہے۔

**جناب چیئرمین:** میرے خیال میں اس طرح کرتے ہیں کہ آپ ان سے مزید پوچھ لیں۔

(مداخلت)

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: جناب والا! گورنمنٹ یقیناً اس کا نوٹس لے گی۔ اس کے خلاف کارروائی ہوگی اگر ایسی صورت حال ہے تو اس سے سختی سے نمٹا جائے گا۔

جناب چیئرمین: جی پروفیسر صاحب آپ کچھ فرمانا چاہیں گے۔ جی قاضی صاحب۔

قاضی عبداللطیف: ایک گزارش کروں گا وہ یہ ہے کہ ڈاکٹر صاحب نے جو فرمایا ہے وہ صحیح ہے لیکن ہم کب تک یہ توقع کریں کہ ہمیں اس کا جواب مل سکے گا۔

پروفیسر خورشید احمد: میں بھی دراصل یہی اپیل کرنا چاہتا ہوں حکومت سے کہ اسے حکومت اور حزب اختلاف کا مسئلہ نہ سمجھا جائے۔ یہ ہم سب کا مشترکہ مسئلہ ہے اور قومی مسئلہ ہے دینی مسئلہ ہے اور جب آپ کے علم میں یہ شکایت آگئی ہے تو ٹیکنیکل بنیادوں کی بجائے، گورنمنٹ کے پاس وسائل ہیں کہ اس کو investigate بھی کر سکے اور اس بارے میں صحیح رپورٹ ایوان میں لا سکے۔ اگر بات غلط ہے تو گورنمنٹ کی انکوائری کے بعد ہم اسے تسلیم کریں گے اور اگر بات میں صداقت ہے تو جیسا کہ ڈاکٹر صاحب نے فرمایا تو قصور وار کو اس پر قرار واقعی سزا دینی چاہیئے۔

جناب چیئرمین: ڈاکٹر صاحب کا اپنا constructive attitude اس میں بڑا positive ہے وہ تو خود فرما رہے ہیں کہ یہ بڑا اہم مسئلہ ہے تو میرے خیال میں ڈاکٹر صاحب آپ اس میں پتہ کر لیں کہ واقعی کوئی ایسی چیز کسی کے نوٹس میں آئی ہے، صوبائی حکومت کے یا کسی کے۔ تو دو تین دن میں آپ ۲۷ تاریخ سے پہلے۔۔۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: جناب چیئرمین! یہ مسئلہ جو ہے۔ اگلے سیشن میں پیش کیا جا سکتا ہے۔ آپ سمجھتے ہیں کہ دن بہت کم رہ گئے ہیں۔

جناب چیئرمین: ایسا کر سکتے ہیں کہ defer کر دیتے ہیں۔ we will take it up in the next session. اس دوران اگر آپ کو کوئی اطلاع مل جائے تو آپ صوبائی حکومت سے پوچھ لیں۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: میں باقاعدہ وزارت داخلہ کو یہ کہوں گا کہ وہ معلومات provide کریں کیونکہ میں نے categorically یہاں اسے مہیا کرنے کے لئے بیان دیا ہے۔

**جناب چیئرمین:** شکریہ۔ اگلی تحریک التوا یہ ہے جناب ایڈجرنمنٹ موشن نمبر ۹ محمد طارق چوہدری on the Government decision to lift ban on the export of cotton yarn.

میرے خیال میں اس میں باقی بھی شامل ہیں۔ سید عباس شاہ صاحب اور بہرہ ور سعید صاحب۔ آپ لوگ اسی میں شامل ہیں جی جناب پڑھیں۔

## (iii) Re: DECISION TO LIFT BAN ON THE EXPORT OF COTTON YARN

**جناب محمد طارق چوہدری:** بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ میں تحریک کرتا ہوں کہ عوامی اہمیت کے حامل اس قومی مسئلے کو فوری طور پر زیر بحث لایا جائے۔ کہ حکومت نے ملکی ضروریات کو پیش نظر رکھے بغیر ملک میں بننے والے دھاگے کی کھلی برآمد کی اجازت دے دی ہے۔ ملک میں بننے والا دھاگہ ملک کی کل ۸۰ فیصد ضرورت ہے لہذا سپننگ ملوں کو اپنی قومی ضروریات پوری کرنے کا پابند بنا دیا تھا۔ اور فالتو دھاگہ ایکسپورٹ کر دیا جاتا تھا۔ حکومتی اہل کاروں اور سپننگ ملوں کے مالکان کی ملی بھگت سے دھاگے کی کھلی ایکسپورٹ کی اجازت دے دی گئی ہے۔ جس کے نتیجے میں ملک کی سب سے بڑی صنعت کا پینتالیس فیصد حصہ اب تک بند ہو چکا ہے اس سے ملک کی معیشت روزگار اور صنعتی مستقبل پر گہرے اثرات مرتب ہوں گے۔ لہذا اس مسئلے کو فوری طور پر زیر بحث لایا جائے۔

**جناب چیئرمین:** شکریہ جناب حمید عباس شاہ صاحب۔ جناب بہرہ ور سعید صاحب۔

**اخونزادہ بہرہ ور سعید:** جناب جو طارق صاحب نے پڑھا ہے۔ میں اس کی تائید کرتا ہوں۔

**جناب چیئرمین:** جناب بشیر احمد خان صاحب۔ جناب صوبیدار خان مندوخیل موجود نہیں ہیں۔ ڈاکٹر نور جہاں پانیزئی۔ موجود نہیں ہیں، عبدالحمید بلوچ صاحب۔ موجود نہیں۔

Is it being opposed?

**Khawaja Ahmed Tariq Raheem:** Yes but I want to add something more that earlier on half an hour ago the entire position was explained by the Minister of State for Industries.

**Mr. Chairman:** That was a question and this is an adjournment motion. We will see what the honourable members want to say.

جی جناب طارق صاحب in support of the admissibility آپ کیا فرمانا چاہیں گے

**جناب محمد طارق چوہدری:** جناب محترم چیئرمین! میں یہ مختصراً عرض کرنا چاہتا ہوں کہ پاکستان میں بننے والا کپڑا جو ہے اس پر تقریباً ایک لاکھ اسی ہزار پاور لومز جو پاکستان میں کام کرتی ہیں جن میں سے ایک لاکھ ستر ہزار سے زیادہ پاور لومز چھوٹے مالکان کے پاس ہیں اور بڑی ملیں so called ان کے پاس صرف دس ہزار پاور لومز ہیں۔ باقی ساری پاور لومز جو ہیں وہ چھوٹے چھوٹے مالکان کے پاس دو دو چار چار کی شکل میں ہیں اور یہ ملک کی سب سے بڑی سب سے بنیادی صنعت ہے۔ اس کی ایک اور خوبی یہ ہے کہ اس کے اوپر بینکوں اور دوسری ایجنسیز کے کوئی loan نہیں ہیں لوگوں نے اپنی ذاتی محنت اور اپنے ذاتی سرمائے سے پاور لومز کے چھوٹے چھوٹے یونٹ لگا رکھے ہیں۔ اب پچھلے برسوں میں بھی بہت بڑا ہنگامہ اس وجہ سے برپا ہوا تھا کہ حکومت نے سپننگ ملوں کو اپنی ملکی ضروریات پوری کیے بغیر ایکسپورٹ کی اجازت دے دی تھی۔ جس سے ملک کے اندر ایک بحران پیدا ہو گیا اب بھی یہ صورت حال پیدا ہوئی ہے کہ ہماری ملکی صنعت میں، انڈسٹری میں جو پرائیویٹ سیکٹر میں سب سے زیادہ مزدور اس صنعت میں کام کرتے ہیں۔ لیکن سب سے بڑی اس صنعت کی حالت یہ ہے کہ ہم جب کاٹن ایکسپورٹ کرنا چاہیں تو یہ ضروری ہوتا ہے کہ ملک کی سپننگ ملوں کی ضرورت کو پہلے پورا کر لیا جائے اور جو فالتو کاٹن بچے اسے ہم ایکسپورٹ کر دیں لیکن جب وہی دھاگہ بن جاتا ہے تو پھر دھاگے میں بھی اس کے بعد ہماری پاور لومز کی جتنی ضرورت ہے پہلے اس کو پیش نظر رکھا جائے باقی فالتو

دھاگہ جو ہے اس کو ایکسپورٹ کرنے کی اجازت ہونی چاہیئے - لیکن اس برس یہ ہو گیا کہ چین میں حالات خراب ہو گئے ...

**جناب چیئرمین :** یہ کاٹن یارن کی ایکسپورٹ کی آپ بات کر رہے ہیں ناں ؟

**جناب محمد طارق چوہدری :** جی کاٹن یارن کی -

**Mr. Chairman:** Is that in the public sector ?

**Mr. Muhammad Tariq Chaudhary:** Private.

**جناب چیئرمین :** تو پھر پرائیویٹ جو ایکسپورٹ کرتا ہے اس سے حکومت کا کیا واسطہ ؟

**جناب محمد طارق چوہدری :** جی میں عرض کرتا ہوں حضور - ہم اپنے ملک کی جتنی ضرورت ہے اس کے مطابق اسے سٹور کرتے ہیں کیونکہ اپنی ملوں کو ، اپنی صنعت کو چلانا مقصود ہوتا ہے - اپنا روزگار ، اپنی صنعت کا پہیہ ہم جاری رکھنا چاہتے ہیں اسی طرح حالات یہ ہوئے کہ چین کے اندر حالات خراب ہونے کی وجہ سے وہاں کی ایکسپورٹ کم ہو گئی اور اس کے نتیجے میں انڈیا نے بھی جہاں پر کاٹن ٹھیک نہیں ہوئی تھی ایکسپورٹ بند کر دی - نتیجتہً قدرتی طور پہ باہر کی منڈیوں میں ہمارے دھاگے کی ضرورت بڑھ گئی - اور حکومت نے اس بات کی کھلی اجازت دے دی کہ دھاگے کو ایکسپورٹ کر دیا جائے - جب دھاگہ ایکسپورٹ ہو جائے گا تو پاکستان کے اندر خود ہماری اپنی صنعت بحران میں آ جائے گی - جبکہ جو کپڑا بن جاتا ہے پاور لومز پر وہ کپڑا ۹۰ فیصد ایکسپورٹ ہو جاتا ہے - جب دھاگہ بھی ایکسپورٹ ہوتا ہے اور کپڑا بھی ایکسپورٹ ہوتا ہے کپڑا بننے کی صورت میں value add ہو جاتی ہے جب value add ہو چکتی ہے تو اس کو ایکسپورٹ کرنے کی بجائے ہم دھاگہ کیوں ایکسپورٹ کرنا چاہتے ہیں - اور اس کے نتیجے میں نہ صرف یہ غریب لوگ جنہوں نے بینکوں سے loans نہیں لیئے ایجنسیوں سے loans نہیں لیئے حکومت سے کسی قسم کی مراعات نہیں لی ہیں اور یہ اتنی بڑی صنعت ہے کہ پاکستان کے مزدوروں کا کل ۵۱ فیصد سے بھی زیادہ اسی صنعت میں کام کرتا ہے تو کیا ہم ان سب کو اس قیمت پر بیروزگار کر دینا چاہتے ہیں کہ ہمیں جلدی سے

[Mr. Muhammad Tariq Chaudhry]

foreign exchange کی ضرورت ہے جب کہ وہ جو کپڑا بنا لیتے ہیں تو اس سے ۲۰ فیصد value add ہو جاتی ہے۔ اس سے بھی زیادہ value add ہو جاتا ہے تو ہم value add کر کے ایکسپورٹ کرنے کی بجائے ملک کے اندر صنعت کا بحران کیوں پیدا کرنا چاہتے ہیں۔ یہی وہ بنیادی سوال ہے جس کی وجہ سے میں نے یہ مسئلہ آپ کے سامنے پیش کیا ہے۔

**جناب چیئرمین:** شکریہ۔ جی جناب وزیر صاحب جیسے تو یہ policy matter ہے۔ انہوں نے آپ کی توجہ ایک بڑے اہم مسئلہ کی طرف دلائی ہے۔

I think, it is a problem which probably in his area particularly is being faced.

(مداخلت)

**جناب چیئرمین:** یہ تحریک التواء ہے۔ میرے خیال میں اس پر زیادہ بحث تو نہیں ہو سکتی یہ admissibility stage پر ہے۔ میں یہ سوچ رہا تھا کہ وزیر صاحب کی میں توجہ اس پر دلا دوں کہ یہ اہم چیزیں ہیں۔ یہ وہ پہلے ہی فرما رہے ہیں کہ

We are considering this. Then in the light of the fact that the government is considering these problems

آپ اسے پریس کرنا پسند کریں گے؟

**جناب احمد سعید اعوان:** میں admissibility پر ہی بات کرنا چاہوں گا۔

**جناب چیئرمین:** نہیں نہیں۔ آپ نے پہلے ہی فرما دیا تھا۔ میں اس لیئے کہہ رہا ہوں کہ آپ نے سوالات کے دوران کہا تھا کہ ہم ان چیزوں پر غور کر رہے ہیں اور اس پر پالیسی بن رہی ہے تو منسٹر صاحب کی توجہ تو دلا دی ہے تو چونکہ ان کی توجہ بھی دلا دی ہے وہ غور بھی کر رہے ہیں۔ مقصد آپ کا حل ہو گیا ہے تو اس لیئے میں کہہ رہا تھا کہ

would you like to press ?

**جناب محمد طارق چوہدری:** میں منسٹر صاحب سے درخواست کرتا ہوں کہ اس بارے میں جلد ہی کوئی پالیسی وضع کی جائے ورنہ اتنا دھاگہ ایکسپورٹ ہو جائے گا کہ باقی

پورے سال میں crisis پیدا ہو جائیں گے۔

**Mr. Chairman:** Professor Sahib any suggestion you would like to give because the government is considering this matter.

پروفیسر خورشید احمد: میری نگاہ میں فی الحقیقت یہ مسئلہ اس وقت قومی اہمیت کا مسئلہ ہے اور حکومت کو جلد از جلد دو میں سے ایک چیز کرنی چاہیئے۔ یا وہ quota enforce کر دے اور پرائیویٹ سیکٹر میں یہ کوظہ ہوتا ہے۔ خصوصاً یورپی ممالک سب میں ہے۔ انگلستان کے اندر ہے۔ دوسری شکل یہ ہو سکتی ہے کہ reduction of rebate کا راستہ اختیار کیا جائے۔ دونوں میں سے جو راستہ اختیار کریں گے اس کے نتیجے کے طور پر ملک میں سپلائی بڑھ جائے گی اور اس وقت بڑی سخت ضرورت اس بات کی ہے کہ ایکسپورٹ نسبتاً روکی جائے دھاگے کے بارے میں، ملکی ضروریات کو پورا کرنے کے لیئے مارکیٹ میں جو scarcity situation پیدا ہوئی ہے اسے کنٹرول کیا جائے۔ میرے خیال میں وزیر صاحب کی یہ بات، میں پورے ادب سے یہ عرض کروں گا کہ صحیح نہیں ہے۔ قیمتیں جو بڑھی ہیں وہ خود ثبوت ہیں اس بات کا کہ ضرورت کے مقابلے میں سپلائی ناکافی ہے تو اس لیے یہ ایسا مسئلہ ہے کہ اس پر غور کرنا چاہیئے۔ اور جیسا کہ اس سے پہلے facts and figures آئے ہیں اندازاً اگر ہم اپنی ایکسپورٹ کو ۳۰ فیصد تک لے آئیں اور ۷۰ فیصد ملک کیلئے رکھیں تو میری نگاہ میں یہ ملک کی ضروریات کو پورا کرنے کیلئے کافی ہے۔ اور ترجیح اسی کو ملنی چاہیئے۔ یہ میری درخواست ہے اور اس پر غور کیجئے میرے خیال میں اس سے انشاءاللہ فائدہ ہو گا۔

جناب چیئرمین: اس پر بھی غور کر لیں۔ یہ مسئلہ اہم ہے۔

جناب احمد سعید اعوان: میں جناب چیئرمین! آپ کو یقین دلانا چاہتا ہوں، کیونکہ یہ مسئلہ زیادہ تر تعلق رکھتا ہے فیصل آباد سے اس لیے میں نے خود جا کر یہ مسئلہ چیمبر آف کامرس میں پیش کیا ہے۔ کیوں کہ وہاں پر spinner بھی وہیں پر ہے جی۔ weavers بھی وہیں پر ہیں اور processors بھی وہیں پر ہے۔ ہم نے یہ چیمبر پر چھوڑا ہے تو جناب تینوں بیٹھ کر آپ فیصلہ کر لیں کیونکہ یہ weavers کی بات کرتے ہیں

[Mr. Ahmed Saeed Awan]

تو processor رہتا ہے processor کو کچھ دیتے ہیں تو spinner رہتا ہے ہم نے کہا پہلے آپ تینوں بیٹھیں ۔ تینوں ایک پالیسی بنا لیں ہم نے اس سلسلے میں پہلے جو ایکسپورٹ ڈیوٹی تھی دو روپے فی کلوگرام، ہم نے اس کو تین روپے کر دیا تھا تاکہ اس کی وجہ سے ایکسپورٹ کچھ curtail ہو لیکن اس کے باوجود بھی منسٹری آف کامرس اور منسٹری آف انڈسٹری اس point of view سے دیکھ رہی ہے کہ ہمیں کس طریقے کے ساتھ پاور لومز کو چلانا ہے اور یقیناً حکومت چلانا چاہتی ہے اور انہیں یقین دلانا چاہتا ہوں کہ ہم سے جو کچھ ہو سکتا ہے ہم کریں گے۔

**جناب چیئرمین**: شکریہ جی۔

---

So, I think this is not pressed and we dispose it of as such. I adjourn the House to meet tomorrow again at 10.00 A.M.

---

[The House adjourned to meet again at 10.00 A.M. on Tuesday, July 25, 1989].